بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحیم ہے

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔

## قرآن و حدیث سے پریشانیوں اور مشکلات کا حل


موضوعِ کتاب ——— **گلدستۂ وظائف**

جمع وتدوین ——— حافظ محمد ابراہیم نقشبندی مجددیؒ

تخریج ——— مولانا عبدالرحمٰن عارف (فاضل جامعہ اشرفیہ)

اشاعتِ اوّل ——— فروری 2017

ڈیزائننگ و پرنٹنگ ——— محمد صفت الٰہی (آرٹ ڈائریکٹر)

میڈیا سروسز۔لاہور +92 301 84 27 281

شانِ دوعالم پرنٹنگ پریس۔لاہور +92 423 73 20 993

**ملنے کا پتہ**

**الکہف ایجوکیشنل ٹرسٹ**

**بالمقابل قطب مسجد احاطہ مولچند اچھرہ لاہور**

**042-354 04 425**

الکہف ایجوکیشنل ٹرسٹ

AL-KAHAF EDUCATIONAL TRUST

# گلدستۂ وظائف

جمع و تدوین

حافظ محمد ابراہیم نقشبندی مجددی مدظلہ

خلیفہ مجاز

حضرت مولانا پیر ذوالفقار احمد نقشبندی مجددی مدظلہ

# پیش لفظ!

انسان کو دنیا میں امتحان کے لیے بھیجا گیا ہے، کبھی اللہ رب العزت خوشیاں اور نعمتوں کی فروانی عطا فرما کر آزماتے ہیں کہ یہ شکر کرتا ہے یا ان ہی نعمتوں میں گم ہو کر اللہ تعالیٰ کو بھول جاتا ہے۔ اور کبھی اللہ رب العزت غم اور آزمائشوں کے ذریعے سے آزماتے ہیں، کہ بندے کا ایمان کتنا مضبوط ہے اور پھر اس امتحان میں جو کامیاب ہوتا ہے اس کے لیے انعامات اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے فیصلے ہوتے ہیں۔

حدیث مبارکہ کا مفہوم ہے کہ

''جس کو کوئی مصیبت پہنچے تو وہ میری مصیبت کو یاد کرے کہ

وہ بڑی مصیبت تھی۔ ( کنز جلد 3 صفحہ 301)

بعض مرتبہ پریشانی اور آزمائش اللہ تعالیٰ کے قرب کا ذریعہ بنتی ہیں۔ ابن عطاء اسکندری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے: ''پاک ہے وہ پروردگار جو اپنے غفلت میں پڑے ہوئے بندوں کو پریشانیوں، بیماریوں اور تکلیفوں کی زنجیروں میں جکڑ جکڑ کر اپنے در پہ لے کے آتا ہے۔

حضرت مولانا پیر ذوالفقار احمد نقشبندی صاحب دامت برکاتہم فرماتے ہیں کہ خوشیاں سلاتی ہیں اور غم جگاتے ہیں۔

توہمیں چاہیے کہ جب ایسی کوئی پریشانی کے حالات آئیں تو اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع میں اور زیادتی کردیں ۔اس کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ قرآنی آیات اور ادعیہ ماثورہ کو اہتمام سے اپنے عمل میں لائیں ۔زیر نظر کتاب میں بھی مختلف حالات میں آسانی کے لیے دعاؤں کو جمع کیا گیا ہے۔

ان دعاؤں کا کامل اثر لینے کے لیے پانچ وقت کی نماز کی پابندی ضروری ہے اور ان دعاؤں کے الفاظ کی ادائیگی ٹھیک ہونی چاہیے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو دین و دنیا کی تمام اچھائیاں عطا فرمائیں اور پریشانیوں سے محفوظ فرمائیں آمین۔

# فہرست


| | |
|---|---|
| سید الوظائف | 12 |
| امراض سے شفا کے لیے | 14 |
| کسی بھی بیماری سے شفا کے لیے | 14 |
| دل کی بیماری سے شفا کے لیے | 14 |
| گردے کی پتھری کے علاج کے لیے | 14 |
| سر کا درد ختم کرنے کے لیے | 15 |
| بخار کے علاج کے لیے | 15 |
| لو لگنے سے بچاؤ کے لیے | 16 |
| آنکھوں کی روشنی کے لیے | 16 |
| ہر مرض کے لیے | 16 |
| بولنے میں لکنت ہو یا جھجک کے علاج کے لیے | 18 |

| | |
|---|---|
| پھنسیوں اور چھالے کے علاج کے لیے | 18 |
| سینے میں درد کے علاج کے لیے | 19 |
| کھانسی کا علاج | 19 |
| جلدی امراض اور جذام کے علاج کے لیے | 19 |
| برص کے علاج کے لیے | 20 |
| خارش کا علاج | 21 |
| سورۃ فاتحہ کی فضیلت | 21 |
| بدن کی سلامتی کی دعا | 22 |
| اعضاءِ جسمانی کی حفاظت کے لیے | 23 |
| عزت کی حفاظت کی لیے | 23 |
| کاروبار کی پریشانی سے بچنے اور شادی کے لیے | 24 |
| چور اور بلاؤں سے حفاظت کے لیے | 24 |
| کتے کے کاٹنے سے حفاظت کے لیے | 25 |
| اگر کتا بھونکنے لگے یا حملہ کرے تو پڑھیے | 25 |
| چوری یا لاپتہ ہو جانے کی صورت میں وظیفہ | 25 |
| سورۂ کہف کی فضیلت | 26 |
| سورۂ واقعہ کی فضیلت | 26 |
| کسی بھی چیز کے شر سے حفاظت کی دعا | 29 |
| نظر بد دور کرنے کا وظیفہ | 29 |

- مقصد میں کامیابی کے لیے — 31
- کسی بھی جائز مقصد کے حصول کے لیے — 31
- امتحان میں اچھے نمبرات کے لیے — 32
- کام میں آسانی کے لیے — 32
- امتحان میں کامیابی کے لیے — 33
- کسی بھی مقصد میں کامیابی کے لیے — 34
- خوف، غصہ اور پریشانی — 34
- خوف، غصہ اور جادو ختم کرنے کے لیے — 34
- غصہ دور کرنے کے لیے — 35
- غصہ، فتنہ دور کرنے کے لیے — 35
- کاروبار، پریشانی سے بچنے کے لیے — 36
- شادی کے لیے — 36
- فتنہ، فساد، جادو اور دشمنی سے نجات — 36
- دشمن، فتنہ فساد سے بچنے کے لیے — 37
- فتنہ سے بچنے کے لیے عمل — 37
- دشمن سے حفاظت کے لیے — 37
- فتنے سے بچاؤ کے لیے عمل — 37
- فتنہ، فساد اور دشمن کے خوف سے بچنے کے لیے — 38
- فتنہ، جادو اور دشمنی سے بچنے کے لیے — 38

- قید سے رہائی کے لیے — 39
- مال چوری ہو جائے یا گھر سے کوئی بھاگ جائے تو — 39
- سورۂ فلق اور سورۂ ناس کی فضیلت — 40
- سانپ بچھو کے کاٹے کا علاج — 41
- نگاہوں کی حفاظت کا آزمودہ نسخہ — 42
- رزق میں کشادگی کے لیے — 42
- آفس اور دکان کی برکت کے لیے — 42
- رزق کے لیے — 43
- برکت کے لیے — 44
- رزق میں کشادگی کے لیے — 44
- رزق میں برکت کے لیے — 44
- برکت کے لیے پڑھیے — 45
- رزق اور کسی بھی مقصد کے حصول کے لیے — 45
- کشادہ رزق حاصل کرنے کے لیے — 46
- علم میں ترقی کے لیے — 46
- مال چوری ہو جانے پر پڑھیں — 46
- سورۂ یٰسین کی فضیلت — 47
- رزق میں برکت کے لیے — 47
- صلوٰۃ الحاجۃ — 47

| | |
|---|---|
| شادی کے لیے | 49 |
| آپس میں محبت اور اتفاق کے لیے | 49 |
| خاوند کی ناراضگی دور کرنے کے لیے | 49 |
| حمل اور اولاد | 50 |
| حمل ٹھہرنے کے لیے | 50 |
| خوب صورت بچے کے لیے | 50 |
| اولاد کے لیے | 50 |
| بچوں کی ضد ختم کرنے کے لیے | 51 |
| اولاد کی فرماں برداری کے لیے | 51 |
| حمل کے لیے | 52 |
| اولاد نرینہ کے لیے | 52 |
| جو بے اولاد ہوں ان کے لیے وظیفہ | 52 |
| اولاد اور گھر والوں کی اصلاح کے لیے | 53 |
| سکون | 53 |
| ڈپریشن دور کرنے کے لیے | 53 |
| کسی سے اپنا گھر خالی کروانے کے لیے | 53 |
| مطلوبہ جگہ تبادلے (ٹرانسفر) کے لیے | 54 |
| دل کی گھبراہٹ کے وقت پڑھیں | 54 |
| نیند نہ آئے تو پڑھیے | 54 |

- دنیا وآخرت کی عافیت کے لیے دُعا — 56
- دل کو محبت الٰہی سے بھرنے کا نسخہ — 56
- آخرت اور مغفرت — 57
- سورۂ ملک کی فضیلت — 57
- سورۂ اخلاص کی فضیلت — 57
- صبح وشام کی سورتیں — 58
- سورۂ فلق اور سورۂ ناس کی فضیلت — 58
- قرض کی ادائیگی — 59
- قرض کی وصولی کے لیے — 59
- ادائے قرض کے لیے نبوی دعا — 59
- مسنون دعائیں اور معمولات — 60
- دعائیں واَذکار — 60
- سورتوں کے فضائل احادیث مبارکہ کی روشنی میں — 65
- سورۂ بقرہ کی فضیلت — 72
- سورۂ کہف کی فضیلت — 73
- سورۂ یٰسین کی فضیلت — 73

# سیدالوظائف



آج کل مردوں میں بھی اور خاص طور سے خواتین میں وظیفوں کا بہت رواج چل پڑا ہے، ہر چیز کا وظیفہ مانگتے ہیں، تو سب سے بڑا اور اعلیٰ اور پکا ترین وظیفہ ”دعا“ ہے۔
کہ ہم دو رکعت نفل پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے خوب دعائیں مانگیں، اس وظیفے کو ہم روزانہ کریں اور تاحیات کرتے رہیں، ان شاء اللہ ہماری مرادیں ضرور پوری ہوں گیں۔
یہ سب سے بڑا وظیفہ ہے اس سے بڑا وظیفہ اور کوئی بھی نہیں۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

”اُدۡعُوۡنِیۡٓ اَسۡتَجِبۡ لَکُمۡ“

مجھ سے مانگو! میں دوں گا۔ (سورۃ المؤمن :60)

اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ نیک مانگے گا تو دوں گا گناہ گار مانگے گا تو نہیں دوں گا، بس فرمایا مانگو! میں دوں گا۔

اب یہاں شیطان یہ شبہ ڈالتا ہے کہ بھئی تم تو گناہ گار ہو، اللہ تعالیٰ تمہاری کہاں سنے گا؟ جو نیک لوگ ہیں ان سے دعاؤں کا کہو۔ نیک لوگوں کو دعا کا کہنا بہت اچھی بات ہے، لیکن ہم خود بھی خوب دعائیں کریں اور اپنی دعاؤں پر یقین بھی کریں۔ کیونکہ اللہ رب العزت نے جب شیطان کو مردود قرار دیا تھا، اس کے آدم علیہ السلام کو سجدہ سے انکار پر، تو اس

نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تھی کہ مجھے قیامت تک کی مہلت دی جائے۔تو اللہ تعالیٰ نے اس غضب و ناراضگی کی حالت میں بھی اس کی دعا کو قبول فرما لیا تھا۔تو جب ہم اللہ کے حضور نماز پڑھ کر دعا کریں گے،تو ہمارا یہ عمل تو اللہ تعالیٰ کی رحمت کا باعث ہے،اللہ تعالیٰ ہماری دعائیں ضرور قبول فرمائیں گے،بس یقین سے مانگتے رہیں۔

## ازافادات

## حضرت شیخ حافظ محمد ابراہیم نقشبندی

## امراض سے شفاء کے لیے

### کسی بھی بیماری سے شفا کے لیے 41 بار پانی پر دَم کر کے پیئیں

مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا ۚ

(پارہ نمبر 1، سورۃ البقرۃ، آیت نمبر 71)

ترجمہ ''پوری طرح صحیح سالم ہو جس میں کوئی داغ دھبہ نہ ہو۔''

### دل کی بیماری میں ایک بار پانی میں دَم کر کے پیئیں

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ تَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۗ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۞۲۸

(پارہ نمبر 13، سورۃ الرعد، آیت نمبر 28)

ترجمہ ''یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے ہیں، اور جن کے دل اللہ کے ذکر سے اطمینان حاصل کرتے ہیں۔ یاد رکھو کہ صرف اللہ کا ذکر ہی وہ چیز ہے جس سے دلوں کو اطمینان نصیب ہوتا ہے۔''

### گردے کی پتھری ہو تو 41 مرتبہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے پانی پی لیں

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ۚ وَ اِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَ اِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ۚ وَ

اِنَّ مِنۡهَا لَمَا يَهۡبِطُ مِنۡ خَشۡيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۷۴﴾

(پارہ نمبر 1، سورۃ البقرۃ، آیت نمبر 74)

ترجمہ "اس سب کے بعد تمہارے دل پھر سخت ہو گئے۔ یہاں تک کہ وہ ایسے ہو گئے جیسے پتھر بلکہ سختی میں کچھ ان سے بھی زیادہ (کیونکہ) پتھروں میں سے کچھ ایسے بھی ہوتے ہیں جن سے نہریں پھوٹ بہتی ہیں اور انہی میں سے کچھ وہ ہوتے ہیں جو خود پھٹ پڑتے ہیں اور ان سے پانی نکل آتا ہے اور انہی میں وہ (پتھر) بھی ہیں جو اللہ کے خوف سے لڑھک جاتے ہیں اور (اس کے برخلاف) جو کچھ تم کر رہے ہو اللہ اس سے بے خبر نہیں ہے۔"

## سر کا درد ختم کرنے کے لیے 11 بار پڑھیے

لَّا يُصَدَّعُوۡنَ عَنۡهَا وَلَا يُنۡزِفُوۡنَ ﴿۱۹﴾ وَ فَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوۡنَ ﴿۲۰﴾

(پارہ نمبر 27، سورۃ الواقعہ، آیت نمبر 19 تا 20)

ترجمہ "جس سے نہ ان کے سر میں درد ہوگا اور نہ ان کے ہوش اڑیں گے۔ اور وہ پھل لے کر جو وہ پسند کریں۔"

## جسے بخار ہو یہ لکھ کر مریض کو باندھ دیجیے یا 7 مرتبہ پڑھ کر دم کیجیے

قُلۡنَا يٰنَارُ كُوۡنِىۡ بَرۡدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓى اِبۡرٰهِيۡمَ ﴿۶۹﴾

(پارہ نمبر 17، سورہ انبیاء آیت نمبر 69)

ترجمہ "ہم نے کہا اے آگ! ٹھنڈی ہو جا اور ابراہیم کے لیے سلامتی بن جا۔"

## لو لگنے پر 101 مرتبہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے پی لیں

اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى ﴿١١٨﴾ وَاَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى ﴿١١٩﴾

(پارہ نمبر 16، سورہ طٰہٰ، آیت نمبر 118 تا 119)

ترجمہ "یہاں تو تمہیں یہ فائدہ ہے کہ نہ تم بھوکے ہوگے، نہ ننگے۔
اور نہ یہاں پیاسے رہو گے، نہ دھوپ میں تپو گے۔"

## آنکھوں کی روشنی کے لیے ہر نماز کے بعد 3 مرتبہ پڑھ کر انگلیوں پر دَم کر کے آنکھوں پر لگائیے

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿٢٢﴾

(پارہ نمبر 26، سورہ ق، آیت نمبر 22)

ترجمہ "اب ہم نے تجھ سے وہ پردہ ہٹا دیا جو تجھ پر پڑا ہوا تھا۔
چنانچہ آج تیری نگاہ خوب تیز ہو گئی۔"

## ہر مرض کے لیے

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٤﴾

(پارہ نمبر 10، سورہ توبہ، آیت نمبر 14)

ترجمہ "اور مومنوں کے دل ٹھنڈے کر دے۔"

چینی کی پاک اور صاف پلیٹ پر لکھ کر اس میں پانی ملائیں اور وہ پانی مریض کو پلائیں۔
اگر زعفران سے لکھ لیں تو اچھا ہے۔

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ۙ

(پارہ نمبر 11، سورہ یونس، آیت نمبر 57)

ترجمہ ''اور دلوں کی بیماریوں کے لیے شفا ہے۔''

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ

(پارہ نمبر 15، سورہ بنی اسرائیل، آیت نمبر 82)

ترجمہ ''اور ہم وہ قرآن نازل کر رہے ہیں جو مومنوں کے لیے شفا اور رحمت کا سامان ہے۔''

فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ

(پارہ نمبر 14، سورہ نحل، آیت نمبر 69)

ترجمہ ''جس میں لوگوں کے لیے شفا ہے۔''

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝۸۰ ۙ

(پارہ نمبر 19، سورۃ الشعراء، آیت نمبر 80)

ترجمہ ''اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو مجھے شفا دیتا ہے۔''

قُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّ شِفَآءٌ ؕ

(پارہ نمبر 24، سورہ حم السجدہ، آیت نمبر 44)

ترجمہ ”کہہ دو کہ جو لوگ ایمان لائیں ان کے لیے یہ ہدایت اور شفا کا سامان ہے۔“

## بولنے میں لکنت ہو یا بولتے ہوئے جھجک ہو تو ہر نماز کے بعد 7 مرتبہ پڑھیے

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ﴿۲۵﴾ وَ یَسِّرْ لِیْۤ اَمْرِیْ ﴿۲۶﴾
وَ احْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ﴿۲۷﴾ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ﴿۲۸﴾

(پارہ نمبر 16، سورہ طٰہٰ، آیت نمبر 25-28)

ترجمہ ”پروردگار! میری خاطر میرا سینہ کھول دیجیے اور میرے لیے میرا کام آسان بنا دیجیے اور میری زبان میں جو گرہ ہے اسے دور کر دیجیے تاکہ لوگ میری بات سمجھ سکیں۔“

## پھنسیوں، چھالے کا علاج: سورہ کوثر پڑھ کر دم کیا پانی پلائیں، سینے میں درد کا علاج: یہ آیت لکھ کر گلے میں پہن لیں یا پڑھ کر دم کریں

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰی نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ فَوَیْلٌ لِّلْقٰسِیَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۲۲﴾

(پارہ نمبر 23، سورہ زمر، آیت نمبر 22)

ترجمہ ”بھلا کیا وہ شخص جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لیے کھول دیا ہے جس کے نتیجے میں وہ اپنے پروردگار کی عطا کی ہوئی روشنی میں آچکا ہے (سنگ دلوں کے برابر ہوسکتا ہے؟) ہاں! بربادی ان کی ہے جن کے دل اللہ کے ذکر سے سخت ہوچکے ہیں۔ یہ لوگ کھلی گمراہی میں پڑے ہوئے ہیں۔“

## کھانسی کا علاج

### ایک مرتبہ پڑھ کر شہد پر دم کر کے گرم پانی میں ملا کر پلائیں

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾

(پارہ نمبر 18، سورہ مومنون، آیت نمبر 115 تا 116)

ترجمہ ”بھلا کیا تم یہ سمجھ بیٹھے تھے کہ ہم نے تمھیں یوں ہی بے مقصد پیدا کر دیا اور تمھیں واپس ہمارے پاس نہیں لایا جائے گا؟ غرض بہت اونچی شان ہے اللہ کی جو صحیح معنی میں بادشاہ ہے۔“

## جلدی امراض اور جذام کے علاج کے لیے

### مریض پر یہ آیات پڑھ کر دم کیجیے

وَ اَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۸۳﴾

(پارہ نمبر 17، سورہ انبیاء، آیت نمبر 83)

ترجمہ ”اور ایوب کو دیکھو! جب انھوں نے اپنے پروردگار کو پکارا کہ ”مجھے یہ تکلیف لگ

گئی ہے اور تو سارے رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔“

## برص کا علاج

### سات مرتبہ یہ آیات پڑھ کر دم کیجیے

اَنِّیْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰیَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّیْۤ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّیْنِ كَهَیْـَٔةِ الطَّیْرِ فَاَنْفُخُ فِیْهِ فَیَكُوْنُ طَیْرًۢا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَ اُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَ الْاَبْرَصَ وَ اُحْیِ الْمَوْتٰى وَ اُحْیِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَ اُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَ مَا تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِیْ بُیُوْتِكُمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۚ۴۹

(پارہ نمبر 3، سورہ آل عمران، آیت نمبر 49)

ترجمہ ”میں تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک نشانی لے کر آیا ہوں (اور وہ نشانی یہ ہے) کہ میں تمہارے سامنے گارے سے پرندے جیسی ایک شکل بناتا ہوں۔ پھر اس میں پھونک مارتا ہوں تو وہ اللہ کے حکم سے پرندہ بن جاتا ہے اور میں اللہ کے حکم سے مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو تندرست کر دیتا ہوں اور مردوں کو زندہ کر دیتا ہوں اور تم لوگ جو کچھ اپنے گھروں میں کھاتے یا ذخیرہ کر کے رکھتے ہو وہ سب بتا دیتا ہوں، اگر تم ایمان والے ہو تو ان تمام باتوں میں تمہارے لیے (کافی) نشانی ہے۔“

## خارش کا علاج

### روزانہ 21 مرتبہ پانی پر دم کر کے 41 روز تک پانی پیجیے

فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ۗ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿١٤﴾

(پارہ نمبر 18، سورہ المومنون، آیت نمبر 14)

ترجمہ ''پھر ہڈیوں کو گوشت کا لباس پہنایا، پھر اسے ایسی اُٹھان دی کہ وہ ایک دوسری ہی مخلوق بن کر کھڑا ہو گیا۔ غرض بڑی شان ہے اللہ کی جو سارے کاری گروں سے بڑھ کر کاری گر ہے۔''



## سورۃ فاتحہ کی فضیلت

**حدیث 1**

قرآن مجید میں سب سورتوں سے بہتر (افضل) سورۂ الحمد للہ رب العالمین ہے۔

(مسند احمد 177/4)

**حدیث 2**

عَوَّذَنِيْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ تِفْلًا.

(المعجم الکبیر للطبرانی : 159/7)

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کیا۔

ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے سانپ کے کاٹے ہوئے پر دَم کیا۔
اللہ کے حکم سے وہ اچھا ہوگیا۔
(صحیح مسلم، کتاب الطب، باب جواز اخذ الاجرۃ علی الرقیۃ بالقرآن والاذکار، رقم:۲۲۰۱)

حدیث 3

فَاتِحَةُ الْكِتَابِ شِفَاءٌ مِّنْ كُلِّ دَآءٍ. (سنن الدارمی:445/2)
سورۂ فاتحہ میں ہر بیماری سے شفا ہے۔

حدیث 4

اِذَا قَرَأْتَ الْفَاتِحَةَ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ فَقَدْ اٰمِنْتَ
مِنْ كُلِّ شَيْءٍ اِلَّا الْمَوْتُ
اور جب تم نے سورۂ فاتحہ اور قل ہو اللہ احد پڑھ لیا تو سوائے موت کے ہر آفت سے
مامون ہو گئے۔ (مجمع الزوائد 122/10)



## بدن کی سلامتی کی دعا

اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ
بَصَرِيْ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

(ابوداود:۵۰۹۰، عن ابی بکرہ رضی اللہ عنہ)

ترجمہ: اے اللہ! میرے بدن کو درست رکھیے، اے اللہ! میرے کان عافیت سے رکھیے،

اے اللہ! میری آنکھیں عافیت سے رکھیے، آپ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔فضیلت/حدیث: رسول اللہ ﷺ روزانہ صبح وشام کے وقت یہ دعا تین تین بار پڑھا کرتے تھے۔

## حفاظت کے لیے ہاتھ، ٹانگ، پیر، کان اور آنکھ کی معذوری سے بچنے کے لیے بکثرت پڑھیں

اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ ۡ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ ۡ اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ ۡ اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ قُلِ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيْدُوْنِ فَلَا تُنْظِرُوْنِ ۝۱۹۵

(پارہ نمبر 9، سورہ اعراف، آیت نمبر 195)

ترجمہ "بھلا کیا ان کے پاس پاؤں ہیں جن سے وہ چلیں؟ یا ان کے پاس ہاتھ ہیں جن سے وہ پکڑیں؟ یا ان کے پاس آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھیں؟ یا ان کے پاس کان ہیں جن سے وہ سنیں؟ (ان سے کہہ دو کہ 'تم ان سب دیوتاؤں کو بلالاؤ۔جنہیں تم نے اللہ کا شریک بنا رکھا ہے اور میرے خلاف سازش کرو اور مجھے ذرا بھی مہلت نہ دو۔"

## گیارہ بار پڑھ کر دم کر لیں تو ان شاء اللہ عزت قائم رہتی ہے

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝۱۸۰ۚ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۝۱۸۱ۚ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱۸۲ع

(پارہ نمبر 23، سورۃ الصفات، آیت نمبر 180 تا 182)

## کاروبار، پریشانی سے بچنے اور شادی کے لیے تین دن تک ایک بار

### الحمد شریف اور سورۃ القدر گیارہ بار پڑھیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ۝۱ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ۝۲ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ۝۳ اِيَّاكَ نَعْبُدُ
وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ۝۴ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ۝۵ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ
الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ ۝۷

(پارہ نمبر 1، سورۃ الفاتحہ، آیت 1 تا 6)

اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝۱ وَ مَاۤ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ؕ۝۲ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ۬ خَيْرٌ مِّنْ
اَلْفِ شَهْرٍ ؕ۝۳ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓىِٕكَةُ وَ الرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۙ۝۴
سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝۵

(پارہ نمبر 30، سورۃ القدر)

## چور اور بلاؤں سے محفوظ رہنے کے لیے

### روزانہ رات کو ایک مرتبہ پڑھیے

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ مَلٰٓىِٕكَتِهٖ وَ
كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ وَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ۗ
غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝۲۸۵ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ
عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَاۤ اِنْ نَّسِيْنَاۤ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تَحْمِلْ

عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا
بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۗ وَاغْفِرْ لَنَا ۗ وَارْحَمْنَا ۗ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾

(پارہ نمبر 3، سورۃ البقرہ، آیت نمبر 285-287)

## کتے کے کاٹنے سے حفاظت کے لیے اور اگر کتا بھونکنے لگے یا حملہ کرے تو 3 مرتبہ پڑھیے

وَ كَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ؕ

(پارہ نمبر 16، سورہ کہف، آیت نمبر 18)

ترجمہ ''اور ان کا کتا دہلیز پر ایسے دونوں ہاتھ پھیلائے ہوئے (بیٹھا) تھا۔''

## مال چوری ہو جائے یا گھر سے کوئی بھاگ جائے یا کوئی لاپتہ ہو جائے تو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۹﴾

(پارہ نمبر 3، سورہ آل عمران، آیت نمبر 9)

ترجمہ ''ہمارے پروردگار! تو تمام انسانوں کو ایک ایسے دن جمع کرنے والا ہے جس کے آنے میں کوئی شک نہیں۔ بے شک اللہ اپنے وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔''

## سورۂ کہف کی فضیلت

حدیث: ایک حدیث میں آیا ہے جو شخص دجال کو پالے (یعنی اس کے سامنے نکل آئے) اس کو چاہیے کہ وہ سورۂ کہف کی ابتدائی دس آیتیں اس کے منہ پر پڑھ دے۔ اس لیے کہ یہ آیتیں پڑھنے والے کو فتنہ سے پناہ دینے والی ہیں۔

(ابوداؤد، الملاحم، خروج الدجال: ۲/ ۲۳۷)

حدیث: جو اس کی شروع کی دس آیتیں یاد کرے گا وہ دجال کے فتنہ سے محفوظ رہے گا۔ (صحیح مسلم، کتاب صلوٰۃ المسافرین وقصرہا، باب فضل سورۃ الکھف، رقم: ۸۰۹)

## سورۂ واقعہ کی فضیلت

حدیث: جو شخص ہر رات کو سورۂ واقعہ پڑھے گا اس کو کبھی فاقہ نہیں ہوگا اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ اپنی بیٹیوں کو حکم فرمایا کرتے تھے کہ ہر شب میں اس سورت کو پڑھیں۔

(شعب الایمان للبیہقی، فصل فی فضائل السور والآیات: ۴/ ۱۱۹، رقم: ۲۲۶۹)

حدیث: جو اسے ہر رات پڑھے گا اس کو فقر و فاقہ نہیں ہوگا اور جو شخص پڑھا کرے گا وہ اللہ کے فضل و کرم سے کبھی محتاج نہیں ہوگا۔

حدیث: مَنْ قَرَءَهَا كُلَّ لَيْلَةٍ لَمْ تُصِبْهُ فَاقَةٌ اَبَدًا جو اس سورت کو ہر رات پڑھا کرے گا اس کو کبھی فاقہ کشی کی نوبت نہیں آئے گی۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان بن مسعود رضی اللہ عنہ کو کچھ مال دینا چاہا کہ اس کو اپنی لڑکیوں پر خرچ کریں۔

(شعب الایمان، للبیہقی ۲/ ۴۱۹)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

اَتَخْشٰی عَلَیْهِنَّ الْفَقْرَ وَقَدْ اَمَرْتُهُنَّ بِقِرَاءَةِ سُوْرَةِ الْوَاقِعَةِ وَقَدْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ قَالَ: مَنْ قَرَءَ هَا كُلَّ لَیْلَةٍ لَمْ تُصِبْهُ الْفَاقَةُ

(شعب الایمان للبیہقی: ۴۱۹/۲)

کیا آپ ان لڑکیوں پر محتاجی کا خیال کرتے ہیں، جب کہ میں نے انھیں سورۂ واقعہ پڑھنے کا حکم دے رکھا ہے۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ جو اس سورت کو ہر رات پڑھا کرے گا اس کو فاقہ نہیں آئے گا۔

ہر موذی چیز سے حفاظت کے لیے (۳) مرتبہ پڑھیں۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے کلمات تامات کے ذریعے
ان تمام اشیاء کے شر سے جو اس نے پیدا کیں۔

ہر نقصان و ناگہانی آفتوں سے یقینی حفاظت کے لیے (۳) مرتبہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (ترمذی، ابوداؤد)

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جس نام کے ساتھ آسمان اور زمین کی کوئی چیز نقصان نہیں دے سکتی اور وہ بہت سننے والا خوب جاننے والا ہے۔

دعائے سیدنا انس رضی اللہ عنہ جان و مال، دین اور اہل وعیال کی

ہر نقصان سے حفاظت کے لیے (۱) مرتبہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِيْ وَدِيْنِيْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰٓى اَهْلِيْ وَمَالِيْ وَوَلَدِيْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى مَآ اَعْطَانِيَ اللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَاَعْظَمُ مِمَّآ اَخَافُ وَاَحْذَرُ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اِنَّ وَلِيِّ ۦ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ

(کنز العمال جمع الجوامع)

اللہ کے نام سے میں اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں اپنی جان اور دین کو اللہ کے نام سے میں اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں اپنے اہل و مال اور اولاد کو، اللہ کے نام سے میں اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں جو نعمت بھی اللہ تعالیٰ نے مجھے عطا کی ہے، اللہ تعالیٰ میرے رب ہیں میں کسی کو اس کے ساتھ شریک نہیں بناتا، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے بہت عزت والا، بہت بزرگی والا، بہت عظمت والا ہے، ان تمام شرور کے ڈر سے جن سے میں خائف ہوتا ہوں اور ڈرتا ہوں، جو تیری پناہ میں ہے وہ باعزت ہے، بڑی ہو تعریف تیری اور نہیں کوئی معبود سوا تیرے، اے اللہ میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اپنے نفس کے شر سے اور ہر سرکش شیطان کے شر سے اور ہر سرکش ظالم کے شر سے اگر وہ روگردانی کرتے ہیں آپ کہہ دیجیے مجھے اللہ ہی کافی ہے، اللہ کے سوا کوئی

معبود نہیں میں اسی پر توکل کرتا ہوں، وہ عرش عظیم کا رب ہے بے شک میرا مولا وہ اللہ ہے جس نے کتاب کو نازل کیا اور وہ نیکو کاروں کا کارساز ہے۔

## کسی بھی چیز کے شر سے حفاظت کی دعا

**اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ.**

(مسلم: ۷۰۵۳، عن خولہ بنت حکیم رضی اللہ عنہا)

ترجمہ میں اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کی پناہ میں آتا ہوں تمام مخلوق کے شر سے۔

فضیلت/حدیث:......رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص کسی بھی جگہ پر قیام کرے پھر یہ دعا پڑھے تو جب تک وہاں ٹھہرا رہے گا کوئی چیز اس کو نقصان نہیں پہنچائے گی۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو کھانے پر یہ دعا پڑھے تو اسے کسی قسم کا ضرر نہ ہوگا۔

**بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ فِی الْاَرْضِ وَفِی السَّمَآءِ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ دَاءٌ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیْہِ بَرَکَۃً وَّعَافِیَۃً وَّشِفَآءً**

ترجمہ اللہ کے نام سے شروع جس کا نام زمین وآسمان میں بہترین ہے، اس کے نام سے کسی بیماری کا ضرر نہیں۔ اے اللہ! اس میں برکت وعافیت اور شفا عطا فرما۔

(مصنف ابن ابی شیبہ جلد 10، صفحہ 344)

## نظر بد دور کرنے کا وظیفہ

حضرت جبرئیل علیہ السلام نے نظر بد دور کرنے کا ایک خاص وظیفہ رسول اللہ ﷺ کو بتایا

اور کہا کہ حضرت حسن وحسین پر پڑھ کر دم کیا کریں۔ ابن عساکر حدیث کی کتاب میں ہے کہ جبرئیل علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لائے۔ آپ غمگین تھے، سبب پوچھا تو فرمایا حسن وحسین کو نظر لگ گئی ہے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ آپ نے یہ کلمات پڑھ کر انہیں پناہ میں کیوں نہ دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا وہ کلمات کیا ہیں؟ جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا یوں کہیے:

اَللّٰھُمَّ ذَا السُّلْطَانِ الْعَظِیْمِ وَالْمَنِّ الْقَدِیْمِ ذَا الْوَجْهِ الْکَرِیْمِ وَلِیَّ الْکَلِمَاتِ التَّامَّۃِ وَلِیَّ الدَّعْوَاتِ الْمُسْتَجَابَاتِ عَافِ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ مِنْ اَنْفُسِ الْجِنِّ وَاَعْیُنِ الْاِنْسِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا پڑھی کہ وہ دونوں بچے اٹھ کھڑے ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھیلنے کودنے لگے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگو اپنی جانوں، بیویوں اور اپنی اولاد کو اس پناہ کے ساتھ پناہ دیا کرو اس جیسی کوئی اور پناہ کی دعا نہیں۔

(تفسیر ابن کثیر 24/8)

نوٹ: حسن اور حسین رضی اللہ عنہما کی جگہ جس شخص کے لیے پڑھی جارہی ہے اس کا نام لیا جائے۔

## مقصد میں کامیابی کے لیے

### کسی بھی مقصد میں کامیابی کے لیے سات دن تک 123 مرتبہ پڑھیے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۙ﴿۱﴾ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۙ﴿۲﴾ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ ؕ﴿۳﴾ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ
وَ اِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ ؕ﴿۴﴾ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ۙ﴿۵﴾ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ۙ غَيۡرِ
الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ﴿۷﴾

(پارہ نمبر 1، سورۃ الفاتحہ، آیت 1 تا 6)



### کسی بھی جائز مقصد کے لیے 121 بار نمازِ عشا کے بعد 21 دن تک پڑھیے

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الۡمُلۡكِ تُؤۡتِي الۡمُلۡكَ مَنۡ تَشَآءُ وَتَنۡزِعُ الۡمُلۡكَ مِمَّنۡ تَشَآءُ ۫ وَ
تُعِزُّ مَنۡ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنۡ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الۡخَيۡرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿۲۶﴾
تُوۡلِجُ الَّيۡلَ فِى النَّهَارِ وَتُوۡلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيۡلِ ۫ وَتُخۡرِجُ الۡحَـىَّ مِنَ الۡمَيِّتِ وَتُخۡرِجُ
الۡمَيِّتَ مِنَ الۡحَـىِّ ۫ وَتَرۡزُقُ مَنۡ تَشَآءُ بِغَيۡرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾

(پارہ نمبر 3، سورۃ آلِ عمران، آیت نمبر 26-27)

**ترجمہ** ”کہو! اے اللہ! اے اقتدار کے مالک! تو جس کو چاہتا ہے اقتدار بخشتا ہے اور جس سے چاہتا ہے اقتدار چھین لیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے عزت بخشتا ہے اور جس کو چاہتا

ہے رسوا کر دیتا ہے۔تمام تر بھلائی تیرے ہی ہاتھ میں ہے۔یقیناً تو ہر چیز پر قادر ہے۔تو ہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور تو بے جان چیز میں سے جان دار کو برآمد کر لیتا ہے اور جاندار میں سے بے جان چیز نکال لیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔‘‘

## امتحانی پرچوں میں اچھے نمبرات حاصل کرنے کے لیے ہر روز 7 مرتبہ پڑھیں

وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَكُمْ وَلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۷﴾

(پارہ نمبر 9،سورہ اعراف،آیت نمبر 197)

ترجمہ ’’اور تم اس کو چھوڑ کر جن جن کو پکارتے ہو، وہ نہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں، نہ اپنی مدد کرتے ہیں۔‘‘

## سات دن تک ہزار بار کسی بھی وقت پڑھنے سے کام آسان ہوتے ہیں

حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾

(پارہ نمبر 11،سورہ توبہ،آیت نمبر 129)

ترجمہ ’’میرے لیے اللہ کافی ہے۔اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔اسی پر میں نے بھروسہ کیا وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔‘‘

## امتحان میں کامیابی کے لیے تین بار پڑھیے

اِنَّ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَیُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِیَةَ الْاُنْثٰى ﴿٢٧﴾ وَ مَا لَهُمْ بِهٖ
مِنْ عِلْمٍ ؕ اِنْ یَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَ اِنَّ الظَّنَّ لَا یُغْنِیْ مِنَ الْحَقِّ شَیْــٴًـا ﴿٢٨﴾ فَاَعْرِضْ
عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ۬ عَنْ ذِكْرِنَا وَ لَمْ یُرِدْ اِلَّا الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا ﴿٢٩﴾ ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ
الْعِلْمِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِیْلِهٖ ۙ وَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰى ﴿٣٠﴾ وَ
لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ۙ لِیَجْزِیَ الَّذِیْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَ یَجْزِیَ
الَّذِیْنَ اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ﴿٣١﴾ اَلَّذِیْنَ یَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَ الْفَوَاحِشَ اِلَّا
اللَّمَمَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَ اِذْ
اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِیْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ﴿٣٢﴾
اَفَرَءَیْتَ الَّذِیْ تَوَلّٰى ﴿٣٣﴾ وَ اَعْطٰى قَلِیْلًا وَّ اَكْدٰى ﴿٣٤﴾ اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَیْبِ فَهُوَ یَرٰى
﴿٣٥﴾ اَمْ لَمْ یُنَبَّاْ بِمَا فِیْ صُحُفِ مُوْسٰى ﴿٣٦﴾ وَ اِبْرٰهِیْمَ الَّذِیْ وَفّٰۤى ﴿٣٧﴾ اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ
وِّزْرَ اُخْرٰى ﴿٣٨﴾ وَ اَنْ لَّیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ﴿٣٩﴾ وَ اَنَّ سَعْیَهٗ سَوْفَ یُرٰى ﴿٤٠﴾
ثُمَّ یُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰى ﴿٤١﴾ وَ اَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى ﴿٤٢﴾ وَ اَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَ
اَبْكٰى ﴿٤٣﴾ وَ اَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَ اَحْیَا ﴿٤٤﴾ وَ اَنَّهٗ خَلَقَ الزَّوْجَیْنِ الذَّكَرَ وَ الْاُنْثٰى ﴿٤٥﴾ مِنْ
نُّطْفَةٍ اِذَا تُمْنٰى ﴿٤٦﴾ وَ اَنَّ عَلَیْهِ النَّشْاَةَ الْاُخْرٰى ﴿٤٧﴾ وَ اَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰى وَ اَقْنٰى ﴿٤٨﴾ وَ
اَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰى ﴿٤٩﴾ وَ اَنَّهٗۤ اَهْلَكَ عَادَا ا۟لْاُوْلٰى ﴿٥٠﴾ وَ ثَمُوْدَا۠ فَمَاۤ اَبْقٰى ﴿٥١﴾ وَ قَوْمَ
نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَ اَطْغٰى ﴿٥٢﴾ وَ الْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى ﴿٥٣﴾ فَغَشّٰىهَا

مَا غَشّٰی ﴿۵۴﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰی ﴿۵۵﴾ هٰذَا نَذِیْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰی ﴿۵۶﴾ اَزِفَتِ
الْاٰزِفَةُ ﴿۵۷﴾ لَیْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ﴿۵۸﴾ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِیْثِ تَعْجَبُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَ
تَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَ اَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ﴿۶۱﴾ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿۶۲﴾ السجدة

(پارہ نمبر 27، سورۃ النجم، آیت نمبر 27 تا 62)

نوٹ: آخری آیت پڑھ لینے کے بعد سجدہ تلاوت واجب ہوجاتا ہے اس لیے آیت پڑھنے کے بعد سجدہ تلاوت کر لیجیے۔

## کسی بھی مقصد کے لیے ایک ایک تسبیح صبح وشام پڑھیے

اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

(پارہ نمبر 28، سورۃ الطلاق، آیت نمبر 12)

ترجمہ ”کہ اللہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے۔“

## خوف، غصہ اور پریشانی خوف

## غصہ اور جادو ختم کرنے کے لیے سات بار پڑھیے

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ﴿۱۸﴾

(پارہ نمبر 1، سورۃ البقرۃ، آیت نمبر 18)

ترجمہ ”وہ بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں۔ چنانچہ اب وہ واپس نہیں آئیں گے۔“

## غصہ دور کرنے کے لیے 101 بار چینی پر دم کر کے چینی استعمال کریں، یا ہر نماز کے بعد 2 مرتبہ پڑھیں

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ

(پارہ نمبر 4، سورۃ آل عمران، آیت نمبر 134)

ترجمہ ''جو غصے کو پی جانے اور لوگوں کو معاف کر دینے کے عادی ہیں۔''

## غصہ، فتنہ دور کرنے کے لیے اکتالیس دن تک ایک بار پڑھ کر پانی پئیں



فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۸۰﴾ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾

(پارہ نمبر 11، سورۃ یونس، آیت نمبر 80 تا 81)

ترجمہ ''چنانچہ جب جادوگر آ گئے تو موسیٰ نے ان سے کہا: ''پھینکو جو تمہیں پھینکنا ہے۔'' پھر جب انہوں نے (اپنی لاٹھیوں اور رسیوں کو) پھینکا (اور وہ سانپ بن کر چلتی ہوئی نظر آئیں) تو موسیٰ نے کہا کہ: ''یہ جو کچھ تم نے دکھایا ہے، جادو ہے۔ اللہ ابھی اس کو ملیا میٹ کیے دیتا ہے۔ اللہ فسادیوں کا کام بننے نہیں دیتا۔''

## کاروبار، پریشانی سے بچنے اور شادی کے لیے تین دن تک ایک بار

### الحمد شریف اور سورۃ القدر گیارہ بار پڑھیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۟ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۟ۙ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۟ؕ اِیَّاكَ نَعْبُدُ
وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۟ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۟ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ۬ غَیْرِ
الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّیْنَ ۟۠

(پارہ نمبر 1، سورۃ الفاتحہ، آیت 1 تا 6)

اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ۟ۚۖ وَ مَاۤ اَدْرٰىكَ مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ ۟ؕ لَیْلَةُ الْقَدْرِ ۙ۬ خَیْرٌ مِّنْ
اَلْفِ شَهْرٍ ۟ؕؔ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓىِٕكَةُ وَ الرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۟ۙۛ
سَلٰمٌ ۛ۫ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۟۠

(پارہ نمبر 30، سورۃ القدر)



## دشمن، فتنہ فساد

## سے بچنے کے لیے ہر نماز کے بعد 21 بار پڑھیے

وَ اللّٰهُ یَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ

(پارہ نمبر 6، سورۃ المائدہ، آیت نمبر 67)

ترجمہ ”اور اللہ تمہیں لوگوں (کی سازشوں) سے بچائے گا۔“

## فتنہ سے بچنے کے لیے ایک بار پڑھیے

فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَ نَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾

(پارہ نمبر 11، سورۃ یونس، آیت نمبر 85 تا 86)

ترجمہ "اے ہمارے پروردگار! ہمیں ان ظالم لوگوں کے ہاتھوں آزمائش میں نہ ڈالیے اور اپنی رحمت سے ہمیں کافر قوم سے نجات دے دیجیے۔"

## دشمن سے حفاظت کے لیے تعوذ پڑھ کر 11 مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دشمن کی طرف پھونک دیں اگر دشمن کہیں دور ہے تو اس کا تصور کر کے پھونک دیں

لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّ مَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿۴۸﴾

(پارہ نمبر 14، سورۃ الحجر، آیت نمبر 48)

ترجمہ "وہاں نہ کوئی تھکن ان کے پاس آئے گی اور نہ ہی ان کو وہاں سے نکالا جائے گا۔"

## "فتنے سے بچنے کے لیے کسی بھی وقت بکثرت پڑھیں

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۷﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَ نَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۭ وَ كَذٰلِكَ نُـْۨجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾

(پارہ نمبر 17، سورۃ الانبیاء، آیت نمبر 87 تا 88)

ترجمہ ”تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو ہر عیب سے پاک ہے بے شک میں قصوروار ہوں۔ اس پر ہم نے ان کی دعا قبول کی اور انہیں گھٹن سے نجات عطا کی اور اسی طرح ہم ایمان رکھنے والوں کو نجات دیتے ہیں۔“

## فتنہ، فساد اور دشمن کے خوف سے بچنے کے لیے کثرت کے ساتھ پڑھیے

وَ اَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ۙ﴿۱۰﴾

(پارہ نمبر 22، سورہ السبا، آیت نمبر 10)

ترجمہ: ”اور ان کے لیے ہم نے لوہے کو نرم کر دیا ہے۔“

## فتنہ، جادو اور دشمنی سے بچنے کے لیے دونوں سورتوں کو گیارہ گیارہ بار پڑھیں

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

(پارہ نمبر 30، سورۃ الفلق)

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ﴿۴﴾ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ﴿۶﴾

(پارہ نمبر 30، سورۃ الناس)

## قید سے رہائی کے لیے دورانِ قید اس آیت کا بکثرت ورد کیا جائے

قُلۡ مَنۡ یُّنَجِّیۡکُمۡ مِّنۡ ظُلُمٰتِ الۡبَرِّ وَ الۡبَحۡرِ تَدۡعُوۡنَہٗ تَضَرُّعًا وَّ خُفۡیَۃً ۚ لَئِنۡ اَنۡجٰنَا مِنۡ ہٰذِہٖ لَنَکُوۡنَنَّ مِنَ الشّٰکِرِیۡنَ ﴿۶۳﴾ قُلِ اللّٰہُ یُنَجِّیۡکُمۡ مِّنۡہَا وَ مِنۡ کُلِّ کَرۡبٍ ثُمَّ اَنۡتُمۡ تُشۡرِکُوۡنَ ﴿۶۴﴾

(پارہ نمبر 7، سورہ انعام، آیت نمبر 63 تا 64)

ترجمہ ”کہو، خشکی اور سمندر کی تاریکیوں سے اس وقت تمھیں کون نجات دیتا ہے۔ جب تم اسے گڑگڑا کے اور چپکے چپکے پکارتے ہو (اور یہ کہتے ہو کہ) اگر اسی نے ہمیں اس مصیبت سے بچا لیا تو ہم ضرور بالضرور شکرگزار بندوں میں شامل ہو جائیں گے؟ کہو! اللہ ہی تمھیں اس مصیبت سے بھی بچاتا ہے اور ہر دوسری تکلیف سے بھی، پھر بھی تم شرک کرتے ہو۔“



## مال چوری ہو جائے یا گھر سے کوئی بھاگ جائے یا کوئی لاپتہ ہو جائے تو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں

رَبَّنَآ اِنَّکَ جَامِعُ النَّاسِ لِیَوۡمٍ لَّا رَیۡبَ فِیۡہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخۡلِفُ الۡمِیۡعَادَ ٪﴿۹﴾

(پارہ نمبر 3، سورہ آل عمران، آیت نمبر 9)

ترجمہ ”ہمارے پروردگار! تو تمام انسانوں کو ایک ایسے دن جمع کرنے والا ہے جس کے آنے میں کوئی شک نہیں۔ بے شک اللہ اپنے وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔“

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اِقْرَاُوْا سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ فَاِنَّ اَخْذَھَا بَرَکَۃٌ وَتَرْکَھَا حَسْرَۃٌ وَلَا

## يَسۡتَطِيۡعُهَا الۡبَطَلَةُ

سورۂ بقرہ پڑھا کرو، اس کا حصول برکت ہے اور چھوڑنا حسرت ہے۔ جادوگر اس سورۂ کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ قیامت کے روز پڑھنے والے کی شفاعت کرے گا۔

(صحیح المسلم: 804، 1874/805)

حدیث : جس گھر میں سورۂ بقرہ پڑھی جاتی ہے اس گھر سے شیطان بھاگ جاتا ہے۔ (صحیح المسلم، کتاب صلوٰۃ المسافرین وقصرہا، باب استحباب صلاۃ النافلۃ فی بیتہ، رم: ۷۸۰ (۱۸۲۴))

حدیث : سوتے وقت آیۃ الکرسی پڑھنے سے رات بھر شیطان قریب نہیں آ سکتا۔ اللہ کی طرف سے نگہبانی ہوتی ہے۔

(صحیح بخاری، کتاب الوکالۃ، باب اذا وکل رجلا، رقم: ۲۳۱۱)

حدیث : ہر نماز کے بعد پڑھنے والا جنت میں داخل ہوگا۔

(السنن الکبریٰ للنسائی ۹/ ۴۴، رقم: ۹۸۴۸)

### امن الرسول سے آخر تک:

حدیث : یہ سورۂ بقرہ کی آخری تین آیتیں ہیں۔ جس گھر میں روزانہ متواتر یہ آیتیں پڑھی جائیں اس گھر میں شیطان نہیں آئے گا۔

(سنن الترمذی، کتاب فصل القرآن، باب ماجاء فی آخر سورۃ البقرۃ، رقم: ۲۸۸۲)

## سورۂ فلق اور سورۂ ناس کی فضیلت

ایک یہودی نے آپ ﷺ پر جادو کر دیا تھا۔ جادو کے اثرات سے آپ ﷺ علیل

ہو گئے۔ جبرئیل علیہ السلام نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو آکر اطلاع دی اور بتایا کہ جادو کا عمل جس چیز میں کیا گیا ہے وہ فلاں کنویں کے اندر ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بھیجا جو جادو کی چیز کنویں سے نکال لائے۔اس میں گرہیں لگی ہوئی تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے یہ دو سورتیں نازل فرمائیں۔آپ ہر گرہ پر ایک آیت پڑھتے اور ایک گرہ کھولتے رہے یہاں تک سب گرہیں کھل گئیں تو آپ سے اچانک ایک بوجھ سا اتر گیا۔

(مسند احمد، الرقم:۱۸۷۸۱)



## سانپ بچھو کے کاٹے کا علاج

ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بچھو نے کاٹ لیا تو آپ نے پانی اور نمک منگوایا۔ پانی کاٹنے کی جگہ پر لگاتے جاتے اور قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ﴿۱﴾ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ پڑھتے جاتے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ﴿۱﴾ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ﴿۲﴾ وَ لَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ﴿۳﴾ وَ لَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ﴿۴﴾ وَ لَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ؕ﴿۵﴾ لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَ لِیَ دِیْنِ ۧ﴿۶﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَ مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَ مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۧ﴿۵﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ۬
الْخَنَّاسِ ۪ۙ﴿۴﴾ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ﴿۶﴾

## نگاہوں کی حفاظت کا آزمودہ نسخہ

رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ ۙ﴿۹۷﴾ وَ اَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾

(المومنون : 97، 98)

اس کو 12 ہزار دفعہ پورا کرنا ہے چاہے ایک مہینے میں کریں یا دو مہینے میں اس نیت اور دعا کے ساتھ کہ اے اللہ! مجھے نگاہوں کی حفاظت کی توفیق عطا فرما۔

(ازافادات: حضرت مولانا بشیر احمد شاہ جمالی رحمہ اللہ)



## رزق میں کشادگی کے لیے ہر روز 7 بار پڑھیے

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَةً

(پارہ نمبر 7، سورۃ المائدہ، آیت نمبر 114)

ترجمہ "یا اللہ! ہم پر آسمان سے ایک خوان اتار دیجیے۔"

## آفس اور دکان کی برکت کے لیے

## درج ذیل آیت لکھ کر لگائیں

اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ یُقَاتِلُوْنَ

فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَیَقْتُلُوْنَ وَ یُقْتَلُوْنَ ۫ وَعْدًا عَلَیْہِ حَقًّا فِی التَّوْرٰىةِ وَ الْاِنْجِیْلِ وَ
الْقُرْاٰنِ ؕ وَ مَنْ اَوْفٰی بِعَهْدِہٖ مِنَ اللّٰہِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَیْعِكُمُ الَّذِیْ بَایَعْتُمْ بِہٖ ؕ وَ
ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿۱۱۱﴾

(پارہ نمبر 11، سورہ توبہ، آیت نمبر 111)

ترجمہ ”واقعہ یہ ہے کہ اللہ نے مومنوں سے ان کی جانیں اور ان کے مال اس بات کے بدلے خرید لیے ہیں کہ جنت انہی کی ہے۔ وہ اللہ کے راستے میں جنگ کرتے ہیں۔ جس کے نتیجے میں وہ مارتے بھی ہیں اور مرتے بھی ہیں۔ یہ ایک سچا وعدہ ہے جس کی ذمہ داری اللہ نے تورات اور انجیل میں بھی لی ہے اور قرآن میں بھی۔ اور کون ہے جو اللہ سے زیادہ اپنے عہد کو پورا کرنے والا ہو؟ لہٰذا اس سودے پر خوشی مناؤ جو تم نے اللہ سے کرلیا ہے اور یہی زبردست کامیابی ہے۔“

## رزق کے لیے کسی بھی وقت 33 بار پڑھیے

فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّیْنَا صٰلِحًا وَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَ مِنْ خِزْیِ
یَوْمِىٕذٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ﴿۶۶﴾

(پارہ نمبر 12، سورہ ھود، آیت نمبر 66)

ترجمہ ”پھر جب ہمارا حکم آگیا تو ہم نے صالح کو اور ان کے ساتھ جو ایمان لائے تھے، ان کو اپنی خاص رحمت کے ذریعے نجات دی اور اس دن کی رسوائی سے بچا لیا۔ یقیناً تمہارا پروردگار بڑی قوت کا، بڑے اقتدار کا مالک ہے۔“

## برکت کے لیے چالیس بار عشا کے بعد پڑھیے

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ﴿۲۴﴾

(پارہ نمبر 20، سورۃ القصص، آیت نمبر 24)

ترجمہ "میرے پروردگار! جو کوئی بہتری تو مجھ پر اوپر سے نازل کردے میں اس کا محتاج ہوں۔"

## رزق کے لیے فجر کی نماز کے بعد گیارہ بار پڑھیے

اَللّٰہُ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِہٖ وَ یَقْدِرُ لَہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۶۲﴾

(پارہ نمبر 21، سورۃ العنکبوت، آیت نمبر 62)

ترجمہ "اللہ اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتا ہے رزق میں کشادگی کر دیتا ہے اور جس کے لیے چاہتا ہے تنگی کر دیتا ہے۔ یقیناً اللہ ہر چیز کا مکمل علم رکھتا ہے۔"

## رزق کے لیے بکثرت پڑھیے

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّیْنِ حَنِیْفًا ؕ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا ؕ لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ الدِّیْنُ الْقَیِّمُ ۙۗ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾

(پارہ نمبر 21، سورہ الروم، آیت نمبر 30)

ترجمہ "لہٰذا تم یک سو ہو کر اپنا رخ اس دین کی طرف قائم رکھو۔ اللہ کی بنائی ہوئی اس فطرت پر چلو جس پر اس نے تمام لوگوں کو پیدا کیا ہے۔ اللہ کی تخلیق میں کوئی تبدیلی

نہیں لائی جا سکتی۔ یہی بالکل سیدھا راستہ ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔''

## برکت کے لیے بکثرت پڑھیے

وَ لَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ لَيَقُوۡلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ ؕ بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۵﴾ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الۡغَنِىُّ الۡحَمِيۡدُ ﴿۲۶﴾

(پارہ نمبر 21، سورہ لقمان، آیت نمبر 25 تا 26)

ترجمہ ''اور اگر تم ان سے پوچھو کہ وہ کون ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے؟ تو وہ ضرور یہ کہیں گے کہ ''اللہ'' کہو ''الحمدللہ!'' اس کے باوجود ان میں سے اکثر لوگ سمجھ سے کام نہیں لیتے۔ اللہ ہی کا فی ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے۔ بے شک اللہ ہی ہے جو سب سے بے نیاز ہے، بذاتِ خود قابل تعریف ہے۔''



## رزق کے لیے اور کسی بھی مقصد کے لیے
## 101 مرتبہ کسی بھی وقت بکثرت پڑھیے

وَ اُفَوِّضُ اَمۡرِىۡۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيۡرٌۢ بِالۡعِبَادِ ﴿۴۴﴾

(پارہ نمبر 24، سورہ المومن، آیت نمبر 44)

ترجمہ ''اور میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔
یقیناً اللہ سارے بندوں کو خوب دیکھنے والا ہے۔''

## کشادہ رزق حاصل کرنے کے لیے کسی بھی وقت پڑھیں

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۱۹﴾

(پارہ نمبر 25، سورۃ الشوریٰ، آیت نمبر 19)

ترجمہ ''اللہ اپنے بندوں پر بہت مہربان ہے۔ وہ جس کو چاہتا ہے رزق دیتا ہے اور وہ وہی ہے جو قوت کا بھی مالک ہے اقتدار کا بھی مالک ہے۔

## علم میں ترقی کے لیے فجر کی نماز کے بعد 7 مرتبہ پڑھیے

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾

(پارہ نمبر 16، سورہ طٰہٰ، آیت نمبر 25-28)

ترجمہ ''پروردگار! میری خاطر میرا سینہ کھول دیجیے اور میرے لیے میرا کام آسان بنا دیجیے اور میری زبان میں جو گرہ ہے اسے دور کر دیجیے۔''

## مال چوری ہو جائے یا گھر سے کوئی بھاگ جائے یا کوئی لاپتہ ہو جائے تو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۹﴾

(پارہ نمبر 3، سورہ آل عمران، آیت نمبر 9)

ترجمہ "ہمارے پروردگار! تو تمام انسانوں کو ایک ایسے دن جمع کرنے والا ہے جس کے آنے میں کوئی شک نہیں۔ بے شک اللہ اپنے وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔"

## سورۂ یٰسین کی فضیلت

حدیث: سورۂ یٰسین قرآن کا دل ہے جو اسے اللہ اور آخرت کے لیے پڑھے گا اس کی بخشش ہو جائے گی۔ (عمل الیوم واللیلۃ للنسائی: ۱۰۷۶)

حدیث: جو سورۂ یٰسین کو دن کے شروع حصہ میں پڑھ لے گا جس کی حاجت پوری ہو گی۔ (سنن الدارمی: ۳۴۱۹)



## رزق میں برکت کے لیے (ہر فرض نماز کے بعد)

اوّل و آخر درود شریف (ابراہیمی) 7 مرتبہ سورہ قریش

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

لِاِیۡلٰفِ قُرَیۡشٍ ۙ﴿۱﴾ اٖلٰفِهِمۡ رِحۡلَةَ الشِّتَآءِ وَ الصَّیۡفِ ۚ﴿۲﴾ فَلۡیَعۡبُدُوۡا رَبَّ هٰذَا الۡبَیۡتِ ۙ﴿۳﴾
الَّذِیۡۤ اَطۡعَمَهُمۡ مِّنۡ جُوۡعٍ ۬ۙ وَّ اٰمَنَهُمۡ مِّنۡ خَوۡفٍ ﴿۴﴾

اس کے علاوہ سچ بولنا، صدقہ کثرت سے کرنا، رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔

## صلوٰۃ الحاجۃ

حضور اکرم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ جس شخص کو کوئی حاجت اور ضرورت ہو۔ خواہ

اللہ جل شانہ سے متعلق ہو یا کسی بندے سے تو اس کو چاہیے کہ خوب اچھی طرح وضو کرے۔ اس کے بعد دو رکعت نماز پڑھے۔ سلام کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کرے اور نبی علیہ السلام پر درود پڑھے۔ پھر اللہ کے حضور میں اس طرح عرض کرے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ ٥ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ٥ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٥ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ ٥ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ ٥ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّحِمِيْنَ ٥ (رواه الترمذی وابن ماجه)

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی مالک و معبود نہیں۔ وہ بڑے حلم والا اور بڑا کریم ہے پاک اور مقدس ہے وہ اللہ جو عرش عظیم کا بھی رب اور مالک ہے۔ ساری حمد وستائش اس اللہ کے لیے جو سارے جہانوں کا رب ہے۔ اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اُن اعمال اور اُن اخلاق واحوال کا جو تیری رحمت کا موجب اور وسیلہ اور تیری مغفرت اور بخشش کا پکا ذریعہ بنیں اور تجھ سے طالب ہوں ہر نیکی سے فائدہ اٹھانے اور حصہ لینے کا، ہر گناہ اور مصیبت سے سلامتی اور حفاظت کا۔ خداوند! میرے سارے ہی گناہ بخش دے اور میری ہر فکر اور پریشانی دور کردے اور میری ہر حاجت جس سے تو راضی ہو اُس کو پورا فرمادے۔ اے ارحم الرحمٰن سب مہربانوں سے بڑے مہربان۔

## شادی کے لیے ایک تسبیح فجر کے بعد پڑھیے

اِنَّمَآ اَمۡرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیۡـًٔا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَهٗ كُنۡ فَیَكُوۡنُ ﴿۸۲﴾

(پارہ نمبر 23، سورہ یٰس، آیت نمبر 82)

ترجمہ ''اس کا معاملہ تو یہ ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرلے تو صرف اتنا کہتا ہے ''ہوجا'' بس وہ ہوجاتی ہے۔

## آپس میں محبت اور اتفاق کے لیے روزانہ 11 بار پڑھیں

وَ اَلَّفَ بَیۡنَ قُلُوۡبِهِمۡ ؕ لَوۡ اَنۡفَقۡتَ مَا فِی الۡاَرۡضِ جَمِیۡعًا مَّاۤ اَلَّفۡتَ بَیۡنَ قُلُوۡبِهِمۡ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیۡنَهُمۡ ؕ اِنَّهٗ عَزِیۡزٌ حَكِیۡمٌ ﴿۶۳﴾

(پارہ نمبر 10، سورہ انفال، آیت نمبر 63)

ترجمہ ''اور ان کے دلوں میں ایک دوسرے کی الفت پیدا کردی۔ اگر تم زمین بھر کی ساری دولت بھی خرچ کر لیتے تو ان کے دلوں میں یہ الفت پیدا نہ کرسکتے، لیکن اللہ نے ان کے دلوں کو جوڑ دیا وہ یقیناً اقتدار کا بھی مالک ہے۔ حکمت کا بھی مالک ہے۔''

## خاوند کی ناراضگی دور کرنے کے لیے!!!

وَ مِنَ النَّاسِ مَنۡ یَّتَّخِذُ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اَنۡدَادًا یُّحِبُّوۡنَهُمۡ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَ لَوۡ یَرَی الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡۤا اِذۡ یَرَوۡنَ الۡعَذَابَ ۙ اَنَّ الۡقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِیۡعًا ۙ وَّ اَنَّ اللّٰهَ شَدِیۡدُ الۡعَذَابِ ﴿۱۶۵﴾ (البقرۃ : 165)

**خاصیت:** جس کا شوہر ناراض ہو اس آیت کو (11 بار) شیرینی پر پڑھ کر کھلائے، ان شاء اللہ تعالیٰ مہربان ہو جائے گا مگر واضح رہے کہ ناجائز مواقع (مثلاً غیر شادی شدہ کے لیے) اثر انداز نہیں ہوگا۔

(اعمال قرآنی، حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ)

# حمل اور اولاد

## حمل ٹھہرنے کے لیے عشاء کے بعد 40 دن تک 100 بار پڑھے

فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۸۹﴾

(پارہ نمبر 9، سورہ اعراف، آیت نمبر 189)

**ترجمہ** ”پھر جب مرد نے عورت کو ڈھانک لیا تو عورت نے حمل کا ایک ہلکا سا بوجھ اٹھا لیا، جسے لے کر وہ چلتی پھرتی رہی، پھر جب وہ بوجھل ہوگئی تو دونوں (میاں بیوی) نے اللہ سے دعا کی کہ ”اگر تو نے ہمیں تندرست اولاد دی تو ہم ضرور تیرا شکر ادا کریں گے۔“

## خوب صورت بچے کے لیے سورۂ یوسف نو ماہ تک روزانہ ایک بار پڑھیے قرآن حکیم کے 12 ویں پارے میں ہے۔

## اولاد کے لیے 41 مرتبہ تین ماہ تک دودھ پر پھونک کر پئیں

وَ مِنْ اٰیٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ اخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَ اَلْوَانِكُمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّلْعٰلِمِیْنَ ﴿۲۲﴾

(پارہ نمبر 21، سورہ الروم، آیت نمبر 22)

ترجمہ ''اور اُس کی نشانیوں کا ایک حصہ آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور تمہاری زبانوں اور رنگوں کا اختلاف بھی ہے۔ یقیناً اس میں دانش مندوں کے لیے بڑی نشانیاں ہیں۔''

## ضدی بچوں پر 11 مرتبہ پڑھ کر دم کریں

اَللّٰهُ یَجْتَبِیْۤ اِلَیْهِ مَنْ یَّشَآءُ

(پارہ نمبر 25، سورۃ الشوریٰ، آیت نمبر 13)

ترجمہ ''اللہ جس کو چاہتا ہے چن کر اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔''

## اولاد کی فرماں برداری کے لیے تین بار
## ہر روز پڑھ کر دم کریں

رَبِّ اَوْزِعْنِیْۤ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْۤ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَ عَلٰى وَالِدَیَّ وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَ اَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ؕ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَ اِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۱۵﴾

(پارہ نمبر 26، سورۃ الاحقاف، آیت نمبر 15)

ترجمہ ''یا رب! مجھے توفیق دے دیجیے کہ میں آپ کی اُس نعمت کا شکر ادا کروں جو آپ

نے مجھے اور میرے ماں باپ کو عطا فرمائی اور ایسے نیک عمل کروں جس سے آپ راضی ہو جائیں اور میرے لیے میری اولاد کو بھی صلاحیت دے دیجیے میں آپ کے حضور توبہ کرتا ہوں اور میں فرماں برداری میں شامل ہوں۔‘‘

## حمل کے لیے ایک سو گیارہ بار نو ماہ تک پڑھیے
## لڑکے کے لیے کسی بھی وقت پڑھیں

وَّ يُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّ بَنِيْنَ وَ يَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّ يَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ﴿۱۲﴾ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ﴿۱۳﴾

(پارہ نمبر 29، سورۃ نوح، آیت نمبر 12 تا 13)

ترجمہ ’’اور تمہارے مال اور اولاد میں ترقی دے گا اور تمہارے لیے باغات پیدا کرے گا اور تمہاری خاطر نہریں مہیا کردے گا۔ تمہیں کیا ہوگیا کہ تم اللہ کی عظمت سے بالکل نہیں ڈرتے۔‘‘

## جو بے اولاد ہو تو دو نفل پڑھ کر چالیس بار یہ پڑھیں اور دعا مانگیں

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ﴿۱﴾ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ﴿۲﴾ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ﴿۳﴾

(پارہ نمبر 30، سورۃ الکوثر)

ترجمہ ’’(اے پیغمبر!) یقین جانو ہم نے تمہیں کوثر عطا کردی ہے۔ لہٰذا تم اپنے پروردگار (کی خوشنودی) کے لیے نماز پڑھو اور قربانی کرو، یقینی جانو تمہارا دشمن ہی وہ ہے جس کی جڑ کٹی ہوئی ہے۔‘‘

## اولاد اور گھر والوں کی اصلاح کے لیے!

اولاد کو آنکھوں کی ٹھنڈک بنانے کے لیے ہر نماز کے بعد تین مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھیں:

’’ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ۝

(سورۃ الفرقان:74)

## سکون

ڈپریشن دور کرنے کے لیے 11 بار پڑھیے

وَ لِیَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَ یُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ۝۱۱

(پارہ نمبر 9، سورۃ الانفال، آیت نمبر 11)

ترجمہ ’’تمہارے دلوں کی ڈھارس بندھائے، اور اس کے ذریعے (تمہارے) پاؤں اچھی طرح جما دے۔‘‘

## کسی سے اپنا گھر خالی کرانا ہو اور وہ خالی نہ کر رہا ہو تو بکثرت پڑھیے

وَ اَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَ تَخَلَّتْ ۝۴

ترجمہ ’’اس کے اندر جو کچھ ہے وہ اسے باہر پھینک دے گی اور خالی ہو جائے گی۔‘‘

## مطلوبہ جگہ تبادلے (ٹرانسفر) کے لیے

رَّبِّ اَدۡخِلۡنِیۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ وَّ اَخۡرِجۡنِیۡ مُخۡرَجَ صِدۡقٍ وَّ اجۡعَلۡ لِّیۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ سُلۡطٰنًا نَّصِيۡرًا ﴿۸۰﴾

(پارہ نمبر 15، سورہ بنی اسرائیل، آیت نمبر 80)

ترجمہ "یارب! مجھے جہاں داخل فرما اچھائی کے ساتھ داخل فرما اور جہاں سے نکال اچھائی کے ساتھ نکال اور مجھے خاص اپنے پاس سے ایسا اقتدار عطا فرما جس کے ساتھ تیری مدد ہو۔"



## دل کی گھبراہٹ کے وقت 11 مرتبہ آیات پڑھیے

قُلۡ يٰعِبَادِیَ الَّذِيۡنَ اَسۡرَفُوۡا عَلٰۤى اَنۡفُسِهِمۡ لَا تَقۡنَطُوۡا مِنۡ رَّحۡمَةِ اللّٰهِ‌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ جَمِيۡعًا‌ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِيۡمُ ﴿۵۳﴾

(پارہ نمبر 23، سورۃ الزمر، آیت نمبر 53)

ترجمہ "کہہ دو کہ "اے میرے بندو! جنھوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کر رکھی ہے، اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔ یقین جانو اللہ اس کے سارے گناہ معاف کر دیتا ہے۔ یقیناً وہ بہت بخشنے والا، بڑا مہربان ہے۔"

## نیند نہ آئے تو ایک مرتبہ پڑھیے اور پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھیے

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوۡنَ عَلَى النَّبِىِّ‌ ؕ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿٥٦﴾

(پارہ نمبر 22، سورہ احزاب، آیت نمبر 56)

ترجمہ "بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجا کرو۔"

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى
اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى
اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ



## مال چوری ہو جائے یا گھر سے کوئی بھاگ جائے یا کوئی لاپتہ ہو جائے تو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿٩﴾

(پارہ نمبر 3، سورہ آل عمران، آیت نمبر 9)

ترجمہ "ہمارے پروردگار! تو تمام انسانوں کو ایک ایسے دن جمع کرنے والا ہے جس کے آنے میں کوئی شک نہیں۔ بے شک اللہ اپنے وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔"

## دنیاوآخرت کی عافیت کے لیے سب سے بہترین دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

(ترمذی: ۳۵۱۲، عن انس رضی اللہ عنہ)

ترجمہ اے اللہ! میں آپ سے دنیاوآخرت کی عافیت طلب کرتا ہوں۔

فضیلت:...... ایک شخص نے حضور ﷺ کی خدمت میں آکر عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! سب سے بہتر دعا کون سی ہے۔ آپ ﷺ نے درج بالا دعا مانگنے کی تلقین فرمائی، دوسرے دن بھی اس نے آکر یہی سوال کیا۔ آپ ﷺ نے اسے یہی دعا بتائی، جب تیسرے دن آکر اس نے یہی سوال کیا تو آپ ﷺ نے یہی دعا بتائی اور فرمایا: جب تمہیں دنیاوآخرت کی عافیت مل گئی تو تم کامیاب ہو گئے۔



## دل کو محبت الٰہی سے بھرنے کا نسخہ

لَا مَرْغُوْبِیۡ اِلَّا اللّٰہ. لَا مَطْلُوْبِیۡ اِلَّا اللّٰہ.

لَا مَحْبُوْبِیۡ اِلَّا اللّٰہ. لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ.

جو انسان روزانہ ہر نماز کے بعد 41 بار یا دن میں تین سو (300) بار پڑھے گا ان شاء اللہ اس کے دل کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ اپنے غیر سے خالی فرما کر اسے اپنی محبت خاصہ عطا فرمائیں گے۔

نوٹ: یہ عمل مستقل کرتے رہیں جب تک کہ مقصود حاصل نہ ہو۔

(از افادات: حضرت مولانا پیر ذوالفقار احمد نقشبندی صاحب دامت برکاتہم)

# آخرت اور مغفرت

## سورۂ ملک کی فضیلت

حدیث 1 قرآن میں تیس آیات کی ایک سورت ہے جس نے آدمی کے لیے شفاعت کی حتیٰ کہ اس کی بخشش ہوگئی، وہ تبارك الذی بیده الملك ہے۔

(سنن الترمذی، کتاب فضائل القرآن، باب ما جاء فی سورۃ الملک، رقم: ۲۸۹۱)

حدیث 2 جو اس سورت کو ہر رات میں پڑھا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو عذاب قبر سے بچالے گا۔ (سنن الترمذی، کتاب فضائل القرآن، باب ما جاء فی فضل سورۃ الملک، رقم: ۲۸۹۰)

حدیث 3 رسول اللہ ﷺ رات کو سوتے وقت الم تنزیل (سورۃ السجدہ) اور تبارک الذی (سورۃ ملک) دونوں سورتیں پڑھ کر سوتے۔



حدیث 4 اپنے پڑھنے والوں کی مغفرت کا اس وقت تک سوال کرتی رہتی ہے کہ اس کو بخش دیا جاتا ہے۔

## سورۂ اخلاص کی فضیلت

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا سب جمع ہو جاؤ تمہیں ایک تہائی قرآن سناؤں گا۔ جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جمع ہو گئے تو آپ ﷺ تشریف لائے اور (قل هو الله احد) پڑھی اور ارشاد فرمایا یہ سورۃ ایک تہائی (یعنی تیسرا حصہ) قرآن کے برابر ہے۔ (صحیح المسلم، صلاۃ المسافرین، فضائل القرآن، رقم: ۸۱۲)

## صبح وشام یہ سورتیں ضرور پڑھیں

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ① قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ①

(المعجم الاوسط للطبرانی، رقم:۵۸۹)

اللہ تعالیٰ کی حفاظت اور پناہ میں آنے کے لیے بہترین سورتیں ہیں۔'' (سنن النسائی، کتاب الاستعاذہ، باب ماجاء فی سورۃ المعوذتین، رقم: ۵۴۳۴)

حدیث: سوتے وقت آپ ان دونوں سورتوں کو ہتھیلیوں پر دَم کرکے پورے جسم مبارک پر پھیر لیتے۔ اسی طرح یہ عمل تین مرتبہ کرتے۔

(صحیح بخاری، کتاب فضائل القرآن، باب فضل المعوذات، رقم:۵۰۱۷)

حدیث: کیا تم نہیں دیکھتے کہ آج کی رات ایسی آیات اتری ہیں کہ ان کی مثل کبھی نہیں گئیں اور وہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ① اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ① ہیں۔



## دنیا وآخرت کی عافیت کے لیے سب سے بہترین دُعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

(ترمذی:۳۵۱۲،عن انس رضی اللہ عنہ)

ترجمہ اے اللہ! میں آپ سے دنیا وآخرت کی عافیت طلب کرتا ہوں۔

فضیلت:......ایک شخص نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آکر عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! سب سے بہتر دعا کون سی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے درج بالا دعا مانگنے کی تلقین

فرمائی، دوسرے دن بھی اس نے آ کر یہی سوال کیا۔ آپ ﷺ نے اسے یہی دعا بتائی، جب تیسرے دن آ کر اس نے یہی سوال کیا تو آپ ﷺ نے یہی دعا بتائی اور فرمایا: جب تمہیں دنیا و آخرت کی عافیت مل گئی تو تم کامیاب ہو گئے۔

## قرض کی ادائیگی
## دوسرا شخص آپ کی ذاتی رقم واپس نہ کر رہا ہو تو
## اپنا پیسہ وصول کرنے کے لیے پڑھیے

وَ كَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ ؕ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَ لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾

(پارہ نمبر 13، سورہ یوسف، آیت نمبر 56)

ترجمہ "اور اس طرح ہم نے یوسف کو ملک میں ایسا اقتدار عطا کیا کہ وہ اس میں جہاں چاہیں، اپنا ٹھکانہ بنائیں۔ ہم اپنی رحمت جس کو چاہتے ہیں، پہنچاتے ہیں اور نیک لوگوں کے اجر کو ضائع نہیں کرتے۔"

## ادائے قرض کے لیے نبوی دعا

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک شخص آیا جو کہ مقروض تھا اور قرض کے ادا کرنے سے عاجز ہونے پر آپ سے اعانت کا طالب تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں تجھے ایسا کلمہ نہ

سکھادوں جو رسول اللہ ﷺ نے ہمیں سکھایا ہے؟

''اگر جبلِ صبیر کے برابر بھی قرضہ ہو تو اللہ تعالیٰ ادا فرمادیں گے'':

**أَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ**

ترجمہ اے اللہ! کافی فرمادے میرے لیے حلال کو حرام کے مقابلے میں اور اپنے فضل سے مجھے غنی بنادے اپنے علاوہ سے۔

(ترمذی، ترغیب جلد 2، صفحہ: 613)

## مسنون دعائیں واَذکار

فائدہ: ان دعاؤں کو اپنے روزانہ کے معمولات میں شامل فرمائیں اور اپنے آپ کو اور اپنے اہل وعیال کو اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں دیں اور دنیا وآخرت کی برکتیں حاصل کریں۔

## وضو کے وقت کی خاص دعا

**سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ**

جو شخص وضو کے وقت یہ دعا پڑھ لے اس کی مغفرت کا پرچہ لکھ کر مہر لگا کر رکھ لیا جاتا ہے، قیامت تک اس کی مہر توڑی نہ جائے۔ اور بخشش کا حکم برقرار رہے گا۔

(طبرانی اوسط جلد 2 صفحہ 123)

## ① تمام گناہوں کے کفارہ کے لیے اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں (۳) مرتبہ پڑھیں:

اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَأَتُوْبُ إِلَیْهِ

میں اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتا ہوں اللہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والا اور کائنات کو تھامنے والا ہے اور میں اس کی طرف رجوع کرنے والا ہوں۔

## ② جنت کا پروانہ لینے کے لیے سید الاستغفار (۱) مرتبہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْٓءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْٓءُ لَكَ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ (بخاری شریف)

اے اللہ آپ میرے رب ہیں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو نے مجھے پیدا فرمایا، میں تیرا بندہ ہوں تیرے عہد اور وعدے پر قائم ہوں جہاں تک ہو سکے میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اپنے بُرے اعمال کے شر سے جو میں نے کیے۔ میں آپ کی عطا کردہ نعمتوں کا اقرار کرتا ہوں اور اپنے گناہوں کا بھی اقرار کرتا ہوں لہٰذا مجھے بخش دے کیونکہ گناہوں کو تیرے سوا کوئی نہیں بخش سکتا۔

## ③ دنیا آخرت کے تمام مسائل کے حل میں اللہ کے کافی ہونے کے لیے (۷) مرتبہ پڑھیں۔ (ابوداؤد)

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ؕ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

میرے لیے اللہ ہی کافی ہے، اللہ وہ ذات ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، میں اسی پر بھروسہ کرتا ہوں اور وہ عرش عظیم کا رب ہے۔

## ④ ہر موذی چیز سے حفاظت کے لیے (۳) مرتبہ پڑھیں۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے کلمات تامات کے ذریعے ان تمام اشیاء کے شر سے جو اس نے پیدا کیں۔



## ⑤ جن بھوت سے حفاظت کے لیے (۱) مرتبہ پڑھیں۔ (ترمذی)

آیۃ الکرسی. (مکمل)

حٰمٓ ۚ ① تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۙ ② غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِیْدِ الْعِقَابِ ۙ ذِی الطَّوْلِ ؕ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ؕ اِلَیْہِ الْمَصِیْرُ ③

حٰم۔ یہ کتاب اتاری گئی ہے اللہ کی طرف سے جو زبردست ہے ہر چیز کا جاننے والا ہے گناہ بخشنے والا ہے اور توبہ قبول کرنے والا ہے، سخت سزا دینے والا ہے، قدرت والا ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اسی کے پاس سب کو جانا ہے۔

## ⑥ دعا سیّدنا ابوالدرداء رضی اللہ عنہ حادثات سے بچنے کے لیے (۱) مرتبہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَاْ لَمْ یَکُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا. اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ (کنز العمال جمع الجوامع)

اے اللہ آپ میرے پروردگار ہیں کوئی معبود نہیں سوائے آپ کے میں آپ پر ہی بھروسہ کرتا ہوں اور آپ ہی عزت والے عرش کے رب ہیں جو اللہ تعالیٰ نے چاہا وہ ہوگیا جو نہیں چاہا وہ نہیں ہوا، گناہوں سے بچنے اور نیکی پر لگنے کی طاقت صرف اس بلند و برتر عظیم ذات اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے، میں جانتا ہوں اللہ تعالیٰ کی ذات ہر چیز پر قادر ہے، اور بے شک اللہ کا علم ہر چیز پر محیط ہے۔ اے اللہ میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اپنے نفس کے شر سے اور ہر چوپائے کے شر سے بے شک آپ ہی اس کو پیشانی کی چوٹی سے پکڑنے والے ہیں، بے شک میرے پروردگار سیدھے راستہ پر ہیں۔

63

## ⑦ ہر نقصان و ناگہانی آفتوں سے یقینی حفاظت کے لیے (۳) مرتبہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ

وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ (ترمذی، ابوداؤد)

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جس نام کے ساتھ آسمان اور زمین کی کوئی چیز نقصان نہیں دے سکتی اور وہ بہت سننے والا خوب جاننے والا ہے۔

## ⑧ ستر ہزار فرشتوں کی دعا اور شہادت کی موت کے لیے

اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ السَّمِيۡعِ الۡعَلِيۡمِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡمِ (۳مرتبہ)

میں اللہ تعالیٰ بہت سننے والے جاننے والے کی پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود کے شر سے۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِيۡمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡمَلِكُ الۡقُدُّوۡسُ السَّلٰمُ الۡمُؤۡمِنُ الۡمُهَيۡمِنُ الۡعَزِيۡزُ الۡجَبَّارُ الۡمُتَكَبِّرُ ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الۡخَالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ لَهُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۲۴﴾ (امرتبہ)

وہ اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، غائب اور ظاہر ہر چیز کا جاننے والا ہے وہی رحمٰن اور رحیم ہے۔ وہ اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ بادشاہ ہے نہایت مقدس سراسر سلامتی والا امن دینے والا نگہبان سب پر غالب، اپنا حکم بزور نافذ کرنے والا اور بڑا ہی ہوکر رہنے والا۔ پاک ہے اللہ اُس شرک سے جو لوگ کر رہے ہیں۔ وہ اللہ ہی ہے جو تخلیق کا منصوبہ بنانے والا اور اس کو نافذ کرنے والا اور اس کے مطابق صورت گری کرنے والا ہے۔ اس کے لیے بہترین نام ہیں ہر چیز جو آسمانوں اور زمین میں ہے اُس کی تسبیح کر رہی ہے۔ اور وہ زبردست اور حکیم ہے۔

⑨ دس نیکیاں لینے، دس گناہ مٹوانے، دس درجات کی بلندی، دس غلاموں کی آزادی کا اجر لینے، شیطان اور ہر مکروہ چیز سے حفاظت کے لیے (۳) مرتبہ پڑھیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (بخاری)

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے سارا ملک ہے اسی کے لیے تمام تعریفیں ہیں وہی زندہ کرتا ہے وہی مارتا ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے۔



⑩ دعائے سیدنا انس رضی اللہ عنہ جان و مال، دین اور اہل و عیال کی ہر نقصان سے حفاظت کے لیے (۱) مرتبہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِيْ وَدِيْنِيْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰٓى اَهْلِيْ وَمَا لِيْ وَوَلَدِيْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى مَآ اَعْطَانِيَ اللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَاَعْظَمُ مِمَّآ اَخَافُ وَاَحْذَرُ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اِنَّ وَلِيِّ ـ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ

(کنز العمال جمع الجوامع)

اللہ کے نام سے میں اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں اپنی جان اور دین کو اللہ کے نام سے میں اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں اپنے اہل و مال اور اولاد کو، اللہ کے نام سے میں اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں جو نعمت بھی اللہ تعالیٰ نے مجھے عطا کی ہے، اللہ تعالیٰ میرے رب ہیں میں کسی کو اس کے ساتھ شریک نہیں بناتا، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے بہت عزت والا، بہت بزرگی والا، بہت عظمت والا ہے، ان تمام شرور کے ڈر سے جن سے میں خائف ہوتا ہوں اور ڈرتا ہوں، جو تیری پناہ میں ہے وہ باعزت ہے، بڑی ہو تعریف تیری اور نہیں کوئی معبود سوا تیرے، اے اللہ میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اپنے نفس کے شر سے اور ہر سرکش شیطان کے شر سے اور ہر سرکش ظالم کے شر سے اگر وہ روگردانی کرتے ہیں۔ آپ کہہ دیجیے مجھے اللہ ہی کافی ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں میں اسی پر توکل کرتا ہوں، وہ عرش عظیم کا رب ہے بے شک میرا مولا وہ اللہ ہے جس نے کتاب کو نازل کیا اور وہ نیکوں کاروں کا کارساز ہے۔

## ⑪ قیامت کے دن اللہ کی رضا کے یقینی حصول کے لیے (۱) مرتبہ پڑھیں۔ (ترمذی)

رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا

میں اللہ کو رب اسلام کو دین اور محمد ﷺ کو نبی ماننے پر راضی ہوں۔

## ⑫ دن رات کی نعمتوں کا شکرانہ ادا کر کے نعمتوں میں اضافے کے لیے (۱) مرتبہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ مَا اَصْبَحَ بِيْ مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ فَلَكَ

اَلْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ (ابوداؤد)

اے اللہ جو کوئی بھی نعمت مجھے یا تیری کسی بھی مخلوق کو (آج صبح ملی ہے) (آج شام ملی ہے) وہ صرف اور صرف تیری ہی طرف سے ملی ہے تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں ہے۔ تعریف تیرے ہی لیے ہے اور تیرے ہی لیے سب شکر ہے۔

نوٹ: صبح کے وقت (ما اصبح) اور شام کے وقت (ما امسی) پڑھیں۔



⑬ جہنم کی آگ سے آزادی ومغفرت کے لیے (۱) مرتبہ صبح پڑھیں:

أَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَصْبَحْتُ اَمْسَيْتُ أُشْهِدُكَ وَأُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلَائِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ أَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ. (ابوداؤد)

اے اللہ میں نے اس حال میں صبح کی شام کی کہ میں تجھے گواہ بناتا ہوں اور تیرے عرش کو اٹھانے والوں اور تیرے فرشتوں اور تیری ساری مخلوق کو گواہ بناتا ہوں اس بات پر کہ اللہ تو ہی ہے تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اس بات پر کہ محمد ﷺ تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔

⑭ صبح کے وقت اللہ کی حمد وثنا کے بعد دن کی ساری بھلائیاں مانگنے کے لیے (۱) مرتبہ پڑھیں:

اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ رَبِّ اَسْئَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهٗ مِنْ شَرِّ مَا فِيْ هٰذَا

الْيَوْمِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ رَبِّ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكَسْلِ وَسُوْٓءِ الْكِبَرِ رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ

ہم نے اور سارے ملک نے اللہ کے لیے صبح کی اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ (اپنی ذات وصفات میں) اکیلا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ سارا ملک اسی کے لیے ہے اور سب تعریف اسی کے لیے ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اے میرے رب! میں تجھ سے اس دن میں اور اس دن کے بعد کی بھلائی اور بہتری کا سوال کرتا ہوں۔ اور میں تجھ سے اس دن میں اور اس دن آنے والے ہر شر سے پناہ مانگتا ہوں۔ اے میرے رب! میں تجھ سے سستی اور بڑھاپے کی پناہ مانگتا ہوں۔ یارب! میں تجھ سے جہنم کے عذاب اور قبر کے عذاب سے پناہ مانگتا ہوں۔



## ⑮ دین ودنیا کی بھلائیاں مانگنے اور ہمہ قسم بلاؤں کے حملوں سے بچنے کے لیے (۱) مرتبہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ أَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِیْ دِيْنِیْ وَدُنْيَایَ وَأَهْلِیْ وَمَا لِیْ. اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِیْ وَاٰمِنْ رَّوْعَاتِیْ. اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ مِنْ بَيْنِ يَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِیْ وَعَنْ يَّمِيْنِیْ وَعَنْ شِمَالِیْ وَمِنْ فَوْقِیْ وَأَعُوْذُ بِعَظْمَتِكَ أَنْ أُغْتَالَ مِنْ تَحْتِیْ

اے اللہ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ میں تجھ

سے اپنے دین اور دنیا اور اپنے اہل وعیال اور مال میں معافی اور عافیت مانگتا ہوں۔
ے اللہ تو میرے عیبوں کی پردہ پوشی فرما اور میرے خوف اور پریشانی کو امن سے بدل
ے اے اللہ! تو میرے آگے سے اور میرے پیچھے سے اور میرے دائیں اور میرے
بائیں سے بھی اور میرے اوپر سے بھی میری حفاظت فرما۔ اور میں آپ کی عظمت کی پناہ
یں آتا ہوں ہے کہ مجھے نیچے سے اچانک ہلاکت میں ڈال دیا جائے۔

## ⑯ اللہ تعالیٰ سے ہر وقت مدد طلب کرنے کے لیے (۱) مرتبہ پڑھیں۔ (مستدرک حاکم)

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ
وَلَا تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ

ے زندہ اور قائم رکھنے والے میں آپ کی رحمت کے واسطہ سے آپ سے فریاد کرتا
ہوں۔ میرے حال کو پورے طور پر بہتر فرمادے اور مجھے پلک جھپکنے کے برابر بھی
میرے نفس کے سپرد نہ فرما۔

## ⑰ ادائیگی قرض اور ہر پریشانی سے نجات کے لیے (۱) مرتبہ پڑھیں۔ (ابوداؤد)

أَللّٰهُمَّ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ
الْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں فکرمندی اور رنج سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں بے بس ہو جانے سے اور سستی کے آ جانے سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں بزدلی اور کنجوسی سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں قرض کے غلبہ سے اور لوگوں کی زور آوری سے۔

## ⑱ اوراد و اذکار میں تقصیر کی تلافی (کمی کو پورا کرنے) کے لیے (۱) مرتبہ پڑھیں

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾ (ابوداؤد)

پس تم اللہ کی شام کے وقت اور صبح کے وقت پاکی بیان کرو اسی کے لیے حمد ہے آسمانوں اور زمین میں اور زوال کے بعد اور ظہر کے وقت وہی ہے جو زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے اور زمین کو اس کے بنجر ہو جانے کے بعد زندہ کرتا ہے اور اسی طرح تم نکالے جاؤ گے۔

## ⑲ ساری مخلوق کے اعمال کے برابر پانے کے لیے اس درود پاک کو (۱۰) مرتبہ پڑھیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ مِنْ خَلْقِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ كَمَا يَنْبَغِيْ لَنَآ اَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى

مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ کَمَآ اَمَرْتَنَآ اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْهِ

اے اللہ رحمت نازل فرما محمد ﷺ پر تیری مخلوق میں سے آپ پر درود بھیجنے والوں کی تعداد کے برابر۔ اور درود نازل فرما نبی کریم محمد ﷺ پر جیسا کہ ہمیں آپ پر درود بھیجنا مناسب ہے۔ اور درود نازل فرما نبی کریم محمد ﷺ پر جیسا کہ ہمیں آپ پر درود بھیجنے کا حکم ہے۔

## ⑳ اہل وعیال اور گھر کو راحت وچین کا مرکز بنانے کے لیے یہ درود شریف (۱۱) مرتبہ پڑھیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِهٖ وَاَهْلَ بَیْتِهٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ.

اے اللہ رحمت نازل فرما نبی کریم ﷺ پر اور آپ کی بیویوں پر جو ایمان والوں کی مائیں ہیں۔ اور آپ ﷺ کی اولاد پر اور آپ ﷺ کے گھر والوں پر جیسا کہ رحمت نازل فرمائی تو نے سید ابراہیم علیہ السلام پر بے شک تو تعریف کے لائق بزرگی والا ہے۔

# سورتوں کے فضائل احادیث مبارکہ کی روشنی میں

## سورۂ بقرہ کی فضیلت

حدیث :رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

**اِقْرَاؤُوْا سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ فَاِنَّ اَخْذَھَا بَرَکَۃٌ وَتَرْکَھَا حَسْرَۃٌ وَلَا یَسْتَطِیْعُھَا الْبَطَلَۃُ**

سورۂ بقرہ پڑھا کرو، اس کا حصول برکت ہے اور چھوڑنا حسرت ہے۔ جادوگر اس سورۂ کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ قیامت کے روز پڑھنے والے کی شفاعت کرے گا۔

(صحیح المسلم:804،805/1874)



حدیث :جس گھر میں سورۂ بقرہ پڑھی جاتی ہے اس گھر سے شیطان بھاگ جاتا ہے۔

(صحیح المسلم، کتاب صلوٰۃ المسافرین وقصرہا، باب استحباب صلاۃ النافلۃ فی بیتہ، رم: ۷۸۰ (۱۸۲۴))

حدیث : سوتے وقت آیۃ الکرسی پڑھنے سے رات بھر شیطان قریب نہیں آ سکتا۔ اللہ کی طرف سے نگہبانی ہوتی ہے۔

(صحیح بخاری، کتاب الوکالۃ، باب اذا وکل رجلا، رقم: ۲۳۱۱)

حدیث: ہر نماز کے بعد پڑھنے والا جنت میں داخل ہوگا۔

(السنن الکبریٰ للنسائی ۹/ ۴۴، رقم: ۹۸۴۸)

## امن الرسول سے آخر تک:

حدیث: یہ سورۂ بقرہ کی آخری تین آیتیں ہیں۔ جس گھر میں روزانہ متواتر یہ آیتیں پڑھی جائیں اس گھر میں شیطان نہیں آئے گا۔

(سنن الترمذی، کتاب فضل القرآن، باب ماجاء فی آخر سورۃ البقرۃ، رقم: ۲۸۸۲)

## سورۂ کہف کی فضیلت

حدیث: ایک حدیث میں آیا ہے جو شخص دجال کو پالے (یعنی اس کے سامنے نکل آئے) اس کو چاہیے کہ وہ سورۂ کہف کی ابتدائی دس آیتیں اس کے منہ پر پڑھ دے۔ اس لیے کہ یہ آیتیں پڑھنے والے کو فتنہ سے پناہ دینے والی ہیں۔ (ابوداؤد، الملاحم، خروج الدجال: ۲/۲۳۷)

حدیث: جو اس کی شروع کی دس آیتیں یاد کرے گا وہ دجال کے فتنہ سے محفوظ رہے گا۔ (صحیح مسلم، کتاب صلوٰۃ المسافرین وقصرہا، باب فضل سورۃ الکہف، رقم: ۸۰۹)

## سورۂ یٰسین کی فضیلت

حدیث: سورۂ یٰسین قرآن کا دل ہے جو اسے اللہ اور آخرت کے لیے پڑھے گا اس کی بخشش ہو جائے گی۔ (عمل الیوم واللیلۃ للنسائی: ۱۰۷۶)

حدیث: جو سورۂ یٰسین کو دن کے شروع حصہ میں پڑھ لے گا اس کی حاجت پوری ہوگی۔ (سنن الدارمی: ۳۴۱۹)

اللہ اللہ اللہ

# معمولات سلسلہ عالیہ نقشبندیہ

## 1 استغفار 1 تسبیح صبح 1 شام

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ

## 2 درود شریف 1 تسبیح صبح 1 شام

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ

## 3 تلاوت قرآن

ایک پارہ روزانہ

## 4 مراقبہ

تھوڑی دیر کے لیے سب کاموں سے ہٹ کٹ کر اللہ کی یاد میں گردن جھکا کر بیٹھنا، اور یہ نیت کرنا کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت آرہی ہے اور میرے دل میں سما رہی ہے، میرے گناہوں کی ظلمت وسیاہی دور ہورہی ہے اور میرا دل شکریہ کے طور پر کہہ رہا ہے: اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ۔

## 5 وقوفِ قلبی

چلتے، پھرتے، اٹھتے، بیٹھتے ہر دم توجہ اللہ تعالیٰ کی رکھنا۔

## 6 رابطہ شیخ

دین سیکھنے کے لیے اپنے شیخ سے آگاہی لینا۔

اللہ اللہ اللہ

جامعہ رقیہ للبنات
JAMIA RUQIYA LIL-BANAT

ابراھیم اکیڈمی
IBRAHIM ACADEMY

# ابراہیم اکیڈمی و جامعہ رقیہ للبنات

## اغراض و مقاصد

ابراہیم اکیڈمی و جامعہ رقیہ للبنات کی بنیاد حضرت شیخ حافظ پیر ذوالفقار احمد نقشبندی دامت برکاتہم کی اجازت اور دعاؤں سے خالصتاً اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لیے رکھی گئی ہے۔نئی نسل کو مذہب سے قریب کرنا اور اسلامی آداب وثقافت سے روشناس کرانا۔دور حاضر کے مسائل کا شرعی حل پیش کرنا۔قرآن و حدیث کی روشنی میں علم الاخلاق (یعنی تصوف) کو اجاگر کرنا تاکہ مسلمانان عالم کی معیشت، معاشرت معاملات میں نبی کریم ﷺ کا اسوہ حسنہ آجائے۔معاشرے کو کفر کی بے راہ روی، بے حیائی سے نکال کر اسلام کی باحیا و پاکیزہ زندگی کی طرف لانا۔موجودہ دور کی ضروریات کو سامنے رکھتے ہوئے جدید انداز میں تصنیفی اور تالیفی شعبے کا قیام۔

## ہماری ترجیح!

تعلیم کے ساتھ ساتھ معاشرتی و روحانی تربیت کا اہتمام ان شاء اللہ۔امت کو ایسے نوجوان مہیا کرنا جن کی تنہائیاں اللہ تعالیٰ کی یاد سے آباد اور گناہوں سے پاک ہوں۔ہر

اللہ اللہ اللہ

ﷲ ﷲ ﷲ

ممکن اور مناسب ذریعے سے امت تک مثلاً سوشل میڈیا (فیس بک، واٹس ایپ، ٹیلی گرام وغیرہ) کے ذریعے سے شرعی حدود میں رہتے ہوئے اسلامی تعلیمات کو پہنچانا۔زمینی اداروں کے ساتھ ساتھ دور دراز کے مسلمانوں کی دینی ضروریات کو محسوس کرتے ہوئے ''آن لائن'' کلاسز کا اہتمام۔ تا کہ ان تک بھی اسلامی تعلیمات پہنچانے کا اہتمام ہوجائے۔تعلیم وتعلّم کے ساتھ ''اصلاحی تربیت'' کا بطور اہم وخاص اہتمام، تاکہ تعلیم وتعلّم کا مقصد اصلی حاصل ہو۔نبی کریم ﷺ کی سنن مبارکہ پر مشتمل بیانات کی کتابی شکل ''گلدستہ سنت'' کی زیادہ سے زیادہ ترویج۔بچوں کے لیے جدید آلات مثلاً پروجیکٹر وغیرہ کے ذریعے سے اسلامی و اصلاحی تربیتی ورکشاپس وسمر کیمپس و ونٹر کیمپس۔خواتین کے لیے ان کی ضروریات وذمہ داریوں کے اعتبار سے مختلف ورکشاپس وکورسز۔حفظ قرآن کی کلاسز کا قیام۔

## 40 روزہ ورکشاپ

اس میں ہر عمر کی خواتین شامل ہوکر تجوید قرآن، تفسیر، حدیث اور روزمرہ پیش آمدہ فقہی مسائل کا علم حاصل کرسکیں گی۔امت کی خواتین کی ایسی تربیت کرنا کہ وہ اپنی عادات و اطوار میں اسلاف کا نمونہ ہوں، تا کہ ان کی گود میں تربیت حاصل کرنے والے بچے بھی اسلاف کے بچوں کا نمونہ ہوں، بلکہ اپنے پورے کنبے کی اصلاح اور دین پر چلنے کے لیے معاون ہوں۔سارا سال طالبات (حاضر و آن لائن) کے لیے تفسیر کے ساتھ ساتھ رمضان المبارک میں دورہ قرآن کی کلاسز کا انعقاد۔

ﷲ ﷲ ﷲ

اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ

## الحمدللہ! ہماری پانچ شاخیں کام کر رہی ہیں۔

**1 ٹاؤن شپ 2 شاہ جمال 3 شاہدرہ 4 مغلپورہ 4 آن لائن**

مرکزی شاخ کے لیے 1000 گز (2 کنال) جگہ خریدی گئی ہے، جس کی قیمت کی ادائیگی کے بعد بیسمنٹ سمیت تین سے چار منزلوں کی تعمیر کے لیے خطیر رقم درکار ہے۔ جہاں پر ابتدائی طور پر "تعلیم قرآن" "تحفیظ قرآن" "ناظرہ قرآن" بچوں اور ہر عمر و شعبہ کے مرد حضرات کے لیے شروع کیا جائے گا۔ ان شاءاللہ

---

### ہماری مستقبل کی ضروریات و منصوبے!!!

### اسلامی و اصلاحی ماحول و عملہ سے آراستہ عصری اسکولز کا سلسلہ۔

---

شرعی دائرہ کار میں رہتے ہوئے ایسے خاکے (کارٹونز) بنانا جن کے ذریعے سے چھوٹے بچوں کی اسلامی تربیت کی جا سکے۔ مرد حضرات کے لیے بزنس، حلال و حرام غذائیں، قربانی ورکشاپ، حج ورکشاپ، کفن، دفن ورکشاپ اور دیگر حسب موقع و ضرورت ورکشاپس و پریزنٹیشن سیشنز کا اہتمام۔ غرباء و مستحقین کی مدد (مثلاً جامعہ رقیہ کی مستحق طالبات کے لیے شادی و جہیز وغیرہ کا انتظام، مستحق مریضوں کے لیے شفاء خانہ یا ادویات اور علاج معالجے میں تعاون اور دیگر ضروری حاجات کا انتظام)۔ مرد حضرات کے لیے بھی آن لائن مختلف کلاسز و کورسز کا قیام۔

اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ

اللہ اللہ اللہ

## تعلیم بالغاں

اس شعبہ میں صبح کے اوقات میں مصروف احباب مثلاً اسٹوڈنٹس، کاروباری حضرات، ملازمین غرض کسی بھی شعبے اور عمر کے احباب شام کے ٹائم شریک ہوسکیں گے۔

## سیرت میوزیم کا قیام

جس میں نبی کریم ﷺ کے زمانے کے مکہ اور مدینہ کو مثالی ماڈلز کے ذریعے سیرت کے شائقین کے لیے سیرابی کا سامان کرنا۔ان سب مقاصد کو پورا کرنے کے لیے بقدر ضرورت تعمیرات۔ ہماری فوری و اہم ضروریات: ابراہیم اکیڈمی کی مرکزی شاخ کے لیے خریدی گئی جگہ کی قیمت کی ادائیگی۔

## ہماری ماہانہ ضروریات

اساتذہ و عملہ کے وظائف۔ طالبات کے لیے ٹرانسپورٹ۔ یوٹیلیٹی بلز اور دیگر اخراجات۔مختلف توسیعی و تعمیراتی کاموں میں حسب توفیق و ذوق اپنا حصہ ڈال کر اللہ تعالیٰ سے نفع کا سودا کریں، کیونکہ آپ کا یہ تعاون اللہ تعالیٰ کے آخرت کے اکاؤنٹ میں جمع ہوتا رہے گا اور دنیا میں اللہ تعالیٰ رزق میں برکت عطا فرمائیں گے۔مشکلات آسان ہوں گی۔عمر میں برکت ہوگی۔ برے خاتمے سے حفاظت ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی دور ہوکر اللہ کی رضا حاصل ہوگی ان شاءاللہ۔

اللہ اللہ اللہ

